www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | اتوار، 15 نومبر 2026ء، 4 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 201

ہر گاؤں میں ڈویلپمنٹ کیلئے پانچ کروڑ دینے کی اصولی منظوری

پہلے فیز میں 475 گاؤں میں ڈویلپمنٹ ہوگی، خوشحال دیہات کمیٹی میں پانچ سرکاری اور چار پرائیویٹ ممبر شامل ہوں گے، چیئرمین یونین کونسل اور متعلقہ سب انجینئر کو بھی خوشحال دیہات کمیٹی میں شامل کیا گیا

ترقی کے سفر میں سب شامل ہیں، سیاسی وابستگی آڑے نہیں آنے دیں گے۔ ڈویلپمنٹ پروگرام اور مسائل کا حل پنجاب کے ہر علاقے کا حق ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف



نائب وزیراعظم/وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار وزارت خارجہ میں آئندہ پاکستان-ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن (جے آئی سی) اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک بین وزارتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ خوشحال دیہات پروگرام کے تحت ہر گلی پکی اور ہر گاؤں میں سیوریج کا باقاعدہ نظام بنے گا، ہر گاؤں میں ڈویلپمنٹ کیلئے پانچ کروڑ دینے کی اصولی منظوری دے دی، خوشحال دیہات کمیٹی کے ذریعے دیہات کے ترقیاتی پراجیکٹس کی تکمیل پر اتفاق کیا گیا۔ خوشحال دیہات پروگرام کے پہلے فیز میں 475 گاؤں میں ڈویلپمنٹ ہوگی۔ خوشحال (بقیہ نمبر 9)

بلدیاتی انتخابات کے لئے پیپلز پارٹی پوری طرح تیار

اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی سے عوام کے مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے

نئے صوبوں کیلئے عوام کا اعتماد ضروری ہے، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے لئے عوام کا اعتماد ضروری ہے، بلدیاتی انتخابات کے لئے پیپلز پارٹی پوری طرح تیار ہے، اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی سے عوام کے مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے، پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں دل کے آپریشنز کی سہولیات بلا تعطل جاری ہیں

ٹی وی پر دکھایا گیا مریض الیکٹو سرجری کا منتظر تھا، نیا ٹینڈر مکمل کر لیا گیا، 15 دن میں والوز کی نئی سپلائی متوقع

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (RIC) کے ترجمان نے ایک نجی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والی خبر کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خبر میں دکھایا گیا مریض ایمرجنسی کیس نہیں (بقیہ نمبر 3)

سیالکوٹ 9 سال سے کھڑا لاوارث بوئنگ 767 طیارہ نیلام

فلائی جیٹ ایشیا ایئرویز کا طیارہ 4 لاکھ ڈالر سے زائد میں فروخت، نیلامی سے لاکھوں روپے کے واجبات وصول

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ ایئرپورٹ پر 29 اگست 2017 سے موجود لاوارث بوئنگ 767 طیارہ بالآخر نیلام ہوگیا، فلائی جیٹ ایشیا ایئرویز کا طیارہ 4 لاکھ امریکی ڈالر سے زائد میں فروخت کیا گیا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 12)

آئل اینڈ گیس کمپنیوں کیلئے دسمبر 2026 سے ڈیجیٹل انوائسنگ لازمی قرار

آئل اینڈ گیس کمپنیوں کو فروخت کے تمام بل ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے منسلک کرنا ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس کمپنیوں کے لیے دسمبر 2026 سے ڈیجیٹل انوائسنگ لازمی قرار دے دی گئی۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے آئل اینڈ گیس کمپنیوں کے لیے ڈیجیٹل انوائسنگ کا (بقیہ نمبر 11)

سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا دورۂ ازبکستان، وزیر دفاع اور فضائیہ کے سربراہ سے اہم ملاقاتیں

دفاعی و عسکری تعاون پر بڑھانے پر اتفاق

دفاعی روابط کا استحکام خطے میں امن و استحکام کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، ازبک وزیر دفاع کا پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور جنگی استعداد کا اعتراف، تجربات سے استفادہ کرنے میں گہری دلچسپی

دونوں فضائی افواج کے درمیان مشترکہ مشقوں، پائلٹس و تکنیکی عملے کی تربیت اور ایرو اسپیس ٹیکنالوجیز میں اشتراک عمل پر گفتگو، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این ای این) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے جمہوریہ ازبکستان کے سرکاری دورے کے دوران وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل بوتر قدرت خوجایف بہروموج اور نائب وزیر دفاع و کمانڈر ایئر ڈیفنس اینڈ ایئر فورس، میجر (بقیہ نمبر 1)



سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل بوتر قدرت خوجایف بہروموج کے ہمراہ



سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی سربراہی میں وفد جمہوریہ ازبکستان کے وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل بوتر قدرت خوجایف بہروموج اور نائب وزیر دفاع و کمانڈر ایئر ڈیفنس اینڈ ایئر فورس، میجر جنرل برخانوف احمد جومولووچ سے ملاقات کر رہے ہیں

چک جلال دین مدنی محلہ میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا

واسا کے بڑھتے بل، مگر گھروں میں پانی ناپید، شہری مہنگے داموں ٹینکر خریدنے پر مجبور، ٹیوب ویل کی خرابی دور کرنے میں غیر معمولی تاخیر پر تشویش

ٹینکر مافیا اور واسا عملے کی مبینہ ملی بھگت کے الزامات، قریشی آباد میں بھی غیر قانونی کنکشن اور لائنیں ڈالنے کا انکشاف

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور ایم ڈی واسا سے فوری نوٹس، پانی کی بحالی اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام بدانتظامی اور مبینہ غفلت کی بھینٹ چڑھ گیا، چک جلال دین، مدنی محلہ اور گردونواح کے مکین گزشتہ دس روز سے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں، گھروں کے نل خشک ہونے کے باعث شہری مہنگے داموں پرائیویٹ ٹینکر خرید کر اپنی ضروریات پوری کرنے پر مجبور ہیں، جبکہ دوسری جانب واسا کی جانب سے پانی کے بلوں میں اضافے کے باوجود شہریوں کو بنیادی سہولت کی فراہمی یقینی نہ بنائی جا سکی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مدنی محلہ اور چک جلال دین میں آئے روز (بقیہ نمبر 2)

فلسطینی ریاست کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

پاکستان اور فلسطین کے درمیان قریبی برادرانہ تعلقات استوار ہیں، صدر

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ریاست فلسطین کیا علانِ آزادی کی 38 ویں سالگرہ پر فلسطین کے صدر محمود عباس اور عوام کو دلی مبارکباد (بقیہ نمبر 26)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب سیکرٹریٹ آفس میں سینئر پارٹی رہنما فریال تالپور، راجہ پرویز اشرف، حسن مرتضیٰ سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کسٹمز، انڈس انفورسمنٹ کی بڑی کارروائی

کالا باغ میں 68 کروڑ روپے مالیت کا ایسٹیٹ ٹو اور تمباکو برآمد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کسٹمز کے کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، انڈس نے اسمگلنگ کے خلاف ایک بڑی اور اہم کارروائی کرتے ہوئے کالا باغ کے علاقے میزائل کالونی میں قائم ایک خفیہ ڈمپنگ سائٹ سے ایسٹیٹ ٹو اور تمباکو کی بھاری مقدار (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت گوجرخان میں پنک بازار کا افتتاح

خواتین کے لیے روزگار کے نئے مواقع، ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور اسسٹنٹ کمشنر کی افتتاحی تقریب میں شرکت

ماڈل بازار اور پنک بازار فوری فعال بنانے، لائٹس اور صفائی کے انتظامات بہتر کرنے کی ہدایت

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے گوجرخان میں پنک بازار کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاح ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین نے کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگی رہنما چوہدری ضیافت گجر، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی قمر وڑائچ، متعلقہ افسران اور (بقیہ نمبر 8)



ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین پنک بازار افتتاح کر رہے ہیں

بابا گورونانک صاحب کے جنم دن کی تقریبات کیلئے صفائی کے خصوصی اقدامات کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سفر اپنجاب اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتویں اجلاس کے دوران انتظامی معاملات اور آپریشنز کا جائزہ لیا گیا ہے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود، ڈی جی سفر اپنجاب اتھارٹی عمر جاوید، ٹیکنیکل ممبرز چودھری جعفر اقبال، سائرہ افتخار اور تمام کمشنرز بھی شریک ہوئے۔ اتھارٹی نے (بقیہ نمبر 22)

رانا مشہود احمد خاں نے فیسلے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر دیا

مقامی آبادی کو 100 فیصد خالص اور صاف پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے ایم این اے حافظ میاں محمد نعمان اور فیسلے پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر و منیجنگ ڈائریکٹر حسن ایوانسینا کے ہمراہ اپنے انتخابی حلقہ پی پی 172 کی یونین کونسل 77 کے (بقیہ نمبر 21)

صوابی کے عوام نے تحریک انصاف کے خلاف فیصلہ سنا دیا، امیر مقام

عوام کے تعاون سے امن و امان قائم ہوگا اور صوبہ ترقی کرے گا، وفاقی وزیر

صوابی (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ صوابی کے عوام نے تحریک انصاف کے خلاف فیصلہ سنا دیا ہے، عوام کے جذبے اور پیار محبت پر مشکور ہوں۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ سوشل میڈیا (بقیہ نمبر 23)



لاہور: صدر مملکت آصف علی زرداری ماڈل ٹاؤن لاہور میں وزیراعظم شہباز شریف سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کر رہے ہیں

اجتماعی کوششوں سے ذیابیطس کے مرض پر قابو پایا جاسکتا ہے، مریم نواز

ذیابیطس سمیت دیگر امراض کے لاکھوں میڈیسن باکس مریضوں کے گھروں میں پہنچائے جا رہے ہیں

متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور بلڈ شوگر کا تسلسل سے معائنہ ہی ذیابیطس سے تحفظ کی کنجی ہے، عالمی دن پر خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ذیابیطس کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ ذیابیطس خاموش دشمن ہے، احتیاط، آگاہی اور نظم زندگی سے قابو میں آ سکتا ہے۔ پاکستان میں ذیابیطس کے مرض کی بڑھتی ہوئی شرح اس بیماری سے مزید موثر جنگی کاوشوں کی متقاضی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ صحت عوام کا بنیادی حق ہے اور حکومت پنجاب یہ حق (بقیہ نمبر 3)

ڈوبتی کشتی بچانے کا واحد راستہ آئین پر عملدرآمد ہے

ہمیں مل کر مسائل سے نکلنے کا سوچنا ہے، اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ ڈوبتی کشتی کو بچانے کا واحد راستہ بات چیت اور آئین پر عملدرآمد ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں علامہ ناصر عباس نے کہا کہ ہم آئین کی پاسداری کے لیے آئے ہیں، آئین ایک عہد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور کی عدالت گئے، بتایا جائے سہیل آفریدی اور اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کہاں ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ڈوبتی کشتی کو بچانے کا واحد راستہ بات (بقیہ نمبر 28)

وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کا ڈی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا سرپرائز دورہ

رات ساڑھے آٹھ بجے ہسپتال کے وارڈز، صفائی اور طبی سہولیات کا تفصیلی معائنہ

شعیب مرزا کا ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق کی کارکردگی پر اظہارِ اطمینان، عوامی شکایات پر لیڈی ڈاکٹر کا تبادلہ

گوجرخان (قمر شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر معاون خصوصی شعیب مرزا کی سربراہی میں وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین کے ہمراہ رات تقریباً ساڑھے آٹھ بجے ڈی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق، ٹی ایچ او، ڈی ایم ایس اور ہسپتال کا دیگر عملہ بھی موجود تھا۔ ٹیم نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، طبی آلات، ادویات کی دستیابی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور صفائی ستھرائی کے (بقیہ نمبر 4)



معاون خصوصی شعیب مرزا ڈی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا وزٹ کر رہے ہیں

نوجوانوں کو معاشی طور پر مستحکم بنانا مریم نواز کی اولین ترجیح ہے، عظمیٰ بخاری

سی ایم آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام کے تحت ہزاروں نوجوانوں کو آئی ٹی ٹریننگ اور ماہانہ 50 ہزار روپے وظیفہ فراہم کیا گیا

انٹرن شپ پروگرام کے تیسرے مرحلے کی رجسٹریشن جاری، مزید گریجویٹس کو روزگار کے مواقع ملیں گے، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو معاشی طور پر مستحکم بنانا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سی ایم آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام اسی وژن کا عملی ثبوت ہے، جس کے تحت ہزاروں نوجوانوں کو آئی ٹی کے شعبے میں تربیت اور عملی تجربہ حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ (بقیہ نمبر 5)

12 مخصوص اضلاع میں جدید اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی متعارف کرانے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے مخصوص 12 اضلاع کو ڈرون حملوں سے محفوظ بنانے کے لیے جدید اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس منصوبے پر 10 ارب روپے سے زائد (بقیہ نمبر 17)

خلیجی ممالک کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور سلامتی کے تحفظ پر زور

سعودی عرب کی شہری تنصیبات اور تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے خلیجی ممالک کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور سلامتی کے تحفظ پر زور دیتے ہوئے تمام حملوں کی غیر مشروط مذمت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب سید حیدر شاہ نے کہا کہ پاکستان برادر خلیجی ممالک کی حکومتوں اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملے اور دھمکیاں ناقابل قبول ہیں، سعودی شہری تنصیبات اور تجارتی جہازوں کو نشانہ (بقیہ نمبر 16)

خیبر پختونخوا پولیس نے سہیل آفریدی کو اشتہاری قرار دے دیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا پولیس نے غیر فعال وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو اشتہاری قرار دے دیا ہے۔ ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں سہیل آفریدی کے وارنٹ (بقیہ نمبر 15)

عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 30 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی

رقم دیہی سندھ میں صاف پانی اور نکاسی آب کے منصوبے پر خرچ ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 30 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے مطابق 30 کروڑ ڈالر کے منصوبے کے تحت سندھ کے دیہی علاقوں میں شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر سپلائی سسٹم لگائے جائیں گے، نکاسی (بقیہ نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر آفس مری میں ریونیو امور کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

ڈی سی آفس میں منعقدہ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر کیپٹن (ر) ارشد اقبال، پٹواریان اور کمپیوٹر سینٹر کے عملے کی شرکت

ریونیو معاملات کی بروقت تکمیل، محکمانہ کارکردگی میں بہتری اور سائلین کو فوری ریلیف فراہم کرنے پر زور

اسلام آباد (این ای این) ڈپٹی کمشنر آفس مری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیر صدارت ریونیو امور کے جائزہ کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال، متعلقہ پٹواریان اور کمپیوٹر سینٹر کے عملے نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ریونیو سے متعلقہ مسائل، زیر التواء انتقالات اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی (بقیہ نمبر 6)



ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی ریونیو امور بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹی فائیو پور پراجیکٹ کی تعمیر، ترببلہ ڈیم سے پانی کے اضافی اخراج کا فیصلہ

ہری پور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے علاقے ہری پور میں ٹی فائیو پاور پراجیکٹ کی تعمیر کے دوران ترببلہ ڈیم سے پانی کا اضافی اخراج کیا جائے گا، جس کے باعث دریائے سندھ میں پانی کی سطح معمول سے بلند ہونے کا امکان ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر غازی (بقیہ نمبر 18)

اوچ شریف، ٹرک نے 2 بھکاریوں کو کچل دیا، ایک جاں بحق

اوچ شریف (این این آئی) اوچ شریف کے ایل پی روڈ پر دو بھکاری ٹرک کی زد میں آ گئے، ٹرک تلے کچلے جانے سے ایک بھکاری جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہو گیا جس کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے، اطلاع پر امدادی ٹیمیں اور پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمی (بقیہ نمبر 19)

زیر زمین سپلائی لائن سے کروڑوں روپے کا کروڈ آئل چوری

ملزمان نے واردات کیلئے مین لائن کے قریب ایک مکان کرائے پر حاصل کیا گیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ دھمیال کے علاقے رنیال میں آئل فیلڈ کی زیر زمین سپلائی لائن سے کروڑوں روپے مالیت کے کروڈ آئل کی چوری کا انکشاف ہوا ہے۔ واردات کے لیے مین لائن کے قریب ایک مکان کرائے پر حاصل کیا گیا تھا، جہاں زیر زمین سرنگ کے ذریعے 181 فٹ طویل پائپ بچھائی گئی تھی۔ ملزمان ہائی (بقیہ نمبر 20)

عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر آگاہی واک کا انعقاد

پاکستان کو ذیابیطس سے بچاؤ کے لیے صحتِ عامہ کی مؤثر پالیسیوں کو ترجیح دینی چاہیے، ماہرین صحت

غیر صحت بخش غذاؤں اور ذیابیطس کے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا مطالبہ

راولپنڈی (این ای این) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی اینڈ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز (AFIC-NIHD) کے اشتراک سے 14 نومبر کو عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا۔ واک کی قیادت مہمانِ خصوصی میجر جنرل نادر خان، کمانڈنٹ و ایگزیکٹو ڈائریکٹر اے ایف آئی سی-این آئی ایچ ڈی نے (بقیہ نمبر 7)

پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی اینڈ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز (AFIC-NIHD) کے اشتراک سے 14 نومبر کو عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر ایک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا

خیبر پختونخوا کے 8 بالائی اضلاع موسم سرما کے دوران حساس قرار

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے 8 بالائی اضلاع موسم سرما کے دوران حساس قرار دے دیے گئے، جن میں اپر چترال، لوئر چترال، اپر دیر، لوئر دیر، بونیر، سوات، اپر کوہستان اور لوئر کوہستان شامل ہیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کے مطابق رواں موسم سرما (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد میں برطانوی و پاکستانی فیشن کا شاندار امتزاج

وزیراعظم کا پاکستان اور برطانیہ کی دوستی مزید مضبوط ہونے کی خواہش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں برطانوی ہائی کمیشن کے زیر اہتمام برطانیہ کے بادشاہ چارلس سوم کی 78 ویں سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی جس میں پاکستانی اور برطانوی فیشن، ثقافت اور ڈیزائن کے رنگ نمایاں رہے۔ گزشتہ روز منعقدہ تقریب (بقیہ نمبر 24)

پاکستان ایس سی او تہذیبی مکالمے میں شرکت کرے گا

مصدق ملک نئی دہلی میں ملک کی نمائندگی کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت نئی دہلی میں 20 سے 22 نومبر 2026 تک منعقد ہونے والے تہذیبی مکالمے میں پاکستان کی نمائندگی کے لئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم (بقیہ نمبر 25)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ذیابیطس کا خوفناک پھیلاؤ

دنیا بھر میں ہر سال 14 نومبر کو ذیابیطس کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ پاکستان کیلئے یہ دن غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ یہاں یہ مرض خطرناک رفتار سے پھیل رہا ہے۔ انٹرنیشنل ڈائبیٹیز فیڈریشن کی گزشتہ سال کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 20 سے 79 سال کی عمر کے تقریباً تین کروڑ 45 لاکھ افراد ذیابیطس کا شکار ہیں۔ مریضوں کی مجموعی تعداد میں پاکستان دنیا میں چوتھے نمبر پر ہے تاہم بالغ آبادی میں مرض کی شرح کے اعتبار سے دنیا میں سب سے آگے ہے۔ رپورٹ کے مطابق بروقت اقدامات نہ کرنے کی صورت میں 2050ء تک پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد 7 کروڑ سے تجاوز کر سکتی ہے۔ یہ اعداد و شمار اس جاں گسل مرض سے بچاؤ کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ذیابیطس کے عالمی دن کو رسمی تقاریب تک محدود رکھنے کے بجائے قومی سطح پر عملی اقدامات کا نقطۂ آغاز بنایا جائے۔ یہ کام آگاہی سے شروع ہونا چاہیے کیونکہ ہمارے ہاں صحت کے اکثر مسائل آگاہی نہ ہونے سے بڑھ رہے ہیں۔ طبی ماہرین ذیابیطس کے حوالے سے خوراک، جسمانی کارکردگی اور لائف سٹائل پر توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہیں؛ چنانچہ ضروری ہے کہ عوام کو اس حوالے سے آگاہ کیا جائے۔ ساتھ ہی ذیابیطس کے مریضوں کو انسولین اور ضروری ادویات کی دستیابی بھی یقینی بنانی چاہیے۔

پاکستان کا سب سے بڑا ''چور''

رسول بخش رئیس

لاہور کی ایک نجی جامعہ کے آڈیٹوریم میں دیگر مہمانوں کے انتظار میں بیٹھا سوچ رہا تھا کہ اپنی باری پر 'جنوبی ایشیا کے ممالک کو درپیش چیلنجز' کے سلسلے میں تقریر میں کون سی بات نہ کی جائے۔ اپنے وطنِ عزیز کا نام سرفہرست نہیں تو چند ممالک کی اس صف میں اوپر سے نیچے کی طرف کہیں دور بھی نہیں۔ آج کل کئی باتیں منہ سے نہ ہی نکلیں تو بہتر ہے۔ احتیاط برتنے کی سوچ میں جب ڈوبا ہوا تھا تو اچانک دروازے کی طرف نظر پڑی تو دیکھا کہ اگلی صف کے لوگ اُٹھ اُٹھ کر کسی کو سلام کر رہے تھے۔ ایسا محسوس ہوا کہ کوئی نامور طاقتور سیاستدان اپنی بزرگی کے ساتھ نمودار ہو رہا ہے۔ میرے قد و قامت کا یہ انسان اپنے سر کے بال عرصے سے کھو چکا تھا۔ جو باقی رہ گئے وہ میرے بالوں کی طرح سفید ہیں۔ اس شخص نے میری طرف دیکھا تو سب کو چھوڑ کر ادھر چلا آیا اور میں نے بھی زوردار آواز میں اسے اپنے پاس آنے کی دعوت دی۔ بہت سالوں بعد ملاقات ہو رہی تھی۔ میں تو بھول ہی چکا تھا کہ یہ قسمت کا مارا انسان کہاں ہوگا۔ ہم اپنے اپنے مسائل اور روزمرہ زندگی کی زنجیروں میں ایسے جکڑے ہوئے ہیں کہ ہمارے گرد و پیش کا جہاں دنیا کی طرح سمٹ کر گول ہو چکا ہے۔ میں اصل میں ایک عرصے سے دل میں خواہش پالے ہوئے تھا کہ پاکستان کے اس 'سب سے بڑے چور' سے ملاقات ہو اور کچھ اس کی اسیری، مقدمہ، قید اور حراست میں ہوئے سلوک کے بارے میں تفصیلات اس کی زبانی معلوم ہو سکیں۔

وہ پروفیسر رہے، بہاولپور اسلامیہ یونیورسٹی میں دس سال سے زیادہ عرصہ تک پڑھاتے رہے اور پھر بہاء الدین زکریا یونیورسٹی میں وائس چانسلر بھی رہے۔ ہمارے علمی میدان 'انٹرنیشنل ریلیشنز' کے واحد پروفیسر ہیں جنہیں اپنی علمی استعداد اور صلاحیت کی بنیاد پر ملک کا سفیر بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ وائس چانسلری ختم ہو گئی تھی، یا اس کے قریب تھے کہ صوبے کے وزیرِ اعلیٰ نے دربار میں حاضری کا حکم نامہ جاری کیا۔ ملاقات میں کہا کہ آپ کے خلاف کرپشن کی شکایات ہیں۔ انہوں نے کہا: ضرور، غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں، دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا۔ انہیں بھی نہیں پتا کہ کب اور کس نے تحقیقات کیں۔ بس یہ معلوم ہے کہ ایک شام نیب والے آئے اور گھر سے بیوی بچوں کے سامنے پکڑ کر لے گئے کہ آپ کے خلاف تحقیقات کرنی ہیں۔ دس بارہ دن ان کے مہمان رہے اور پھر عدالت نے ان کی ضمانت لی اور حکم دیا کہ دو ہفتوں میں تحقیقات مکمل کر کے رپورٹ دی جائے۔ کوئی بات ہوتی تو تحقیقات ہوتیں۔ ایک سال سے کہیں زیادہ عرصہ گزر گیا اور آخر عدالت نے نیب والوں کو اور ملک کے اس 'بڑے چور' کے وکیلوں کو بلا لیا۔

کیا نام ہے آپ کا؟ خواجہ علقمہ۔ آپ کس صوبے سے ہیں؟ جناب میرا اب کوئی صوبہ نہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے؟ آپ کا تعلق ملتان سے ہے؟ نہیں جناب! ملتان سے نہیں۔ تو کہاں سے ہے؟ بنگال سے۔ اب وہ بنگلہ دیش ہے۔ آپ کے والد کیا کرتے تھے؟ جناب وہ سیاستدان تھے۔ اچھا ان کا نام کیا تھا؟ خواجہ خیرالدین، سابق ممبر قومی اسمبلی۔ اس کے بعد پروفیسر علقمہ کے وکیل نے منصف سے کہا کہ ان کے چچا کا نام بھی پوچھ لیں۔ آپ ہی بتائیں وہ کون تھے؟ جناب ان کے چچا تھے خواجہ ناظم الدین، جو قائداعظم کے بعد ملک کے گورنر جنرل بنے اور بعد میں وزیراعظم بھی۔ وہ ان سات وزرائے اعظم میں سے تھے جنہیں پہلا مارشل لاء لگنے سے قبل تک برطرف کیا گیا تھا۔ یہ نہیں معلوم کہ عدالت کو یہ بھی بتایا گیا یا نہیں کہ اس خاندان کی خدمات کے اعتراف میں اسلام آباد میں ایک مشہور سڑک کا نام خواجہ ناظم الدین کے نام پر ہے۔ منصف نے اب نیب والوں سے پوچھا کہ ان کے اکاؤنٹ میں کتنے پیسے ہیں؟ جناب 80 ہزار روپے۔ انہوں نے اپنی ضروریات کے لیے بینک سے پانچ لاکھ قرض بھی لیا ہوا ہے۔ پروفیسر علقمہ سے منصف نے ایک سوال اور بھی کیا کہ آپ کا مکان اپنا ہے؟ نہیں جناب! کرائے کے مکان میں رہتا ہوں۔ ہم اپنا مکان تو مشرقی پاکستان چھوڑ آئے تھے۔ منصف کچھ دیر کے لیے اپنے عقبی کمرے میں چلا گیا اور آتے ہی بریت کا حکم نامہ جاری کر دیا۔

وقت تو کم تھا مگر آج کھل کر کچھ باتیں کیں۔ ان کے والد خواجہ خیرالدین سقوطِ ڈھاکہ کے بعد مسلم لیگی ہونے کی پاداش میں تین سال تک بنگلہ بندھو کی قید میں رہے۔ ان کے تاریخی مکان احسن منزل پر حکومت نے قبضہ کر لیا جو ابھی تک انہیں واپس نہیں ملا۔ خواجہ صاحب پاکستان آ گئے تو یہاں بھی سرگرم رہے۔ بنگلہ بندھو نے جو سلوک کیا سو کیا مگر قائد عوام بھی ان سے ناراض ہوئے اور حکم دیا کہ انہیں سمندر میں پھینک آؤ۔ یہ کوئی مذاق نہیں، 'ظلم کی سچی داستان' ہے۔ حکومتی کارندے انہیں واقعتاً بحیرہ عرب کے اندر کم گہرے پانی میں دھکا دے آئے۔ اندھیرے میں چیختے چلاتے رہے۔ شیروانی اتار کر جھنڈا بنا کر لہرایا۔ کچھ مقامی ماہی گیروں نے دیکھا تو پہلے انہیں بھارت کا جاسوس سمجھا مگر انہوں نے جب بتایا کہ وہ سادات سے ہیں تو انہوں نے ہاتھ بھی چومے اور فوراً نکال کر گھر پہنچا دیا۔ ان کی اصول پسندی اور جمہوریت نوازی دیکھی تو محترمہ نصرت بھٹو نے 'خواجہ صاحب سے ایم آر ڈی تحریک میں حصہ لینے کا کہا اور وہ اس کے پہلے سیکرٹری جنرل بنے اور جمہوریت کی بحالی کی تحریک میں پیش پیش رہے۔

تاریخ کے کچھ اوراق آپ کے لیے اور ان کے لیے بھی، جنہوں نے پروفیسر خواجہ علقمہ اور ان کے والد محترم کو مشکلات میں ڈالا۔ مسلم لیگ کی بنیاد 1906ء میں ڈھاکہ میں ان کے دادا نواب سر سلیم اللہ کے گھر 'احسن منزل' میں رکھی گئی تھی۔ ان کا یہ گھر 15 سے 20 ایکڑ پر مشتمل تھا۔ اب بنگلہ دیش میں حالات کی تبدیلی کے سبب وہ اس کی بازیابی کے لیے تگ و دو کر رہے ہیں۔ ادھر پاکستان میں جس نے ان پر چوری کا الزام لگایا، اب ملک کے سب سے بڑے عہدے پر فائز ہیں۔ شاید مسلم لیگ کا جسم اُن کے ہاتھوں میں ہو مگر اس کی روح اب بھی خواجہ علقمہ کے خاندان کے دلوں میں دھڑکتی ہے۔ خواجہ صاحب سے کہا کہ اب تو چوری پکڑی گئی ہے تو آپ دعویٰ کیوں دائر نہیں کرتے کہ مسلم لیگ کی پیدائش تو آپ کے خاندان میں ہوئی، قیامِ پاکستان میں بھی آپ کے خاندان کا ایک کردار رہا ہے۔ اب مسلم لیگ پر قبضہ کسی اور کا ہے۔ اگر آپ قبضہ چھڑاؤ مہم چلاتے ہیں، ایک آدھ جلوس میں مَیں بھی جھنڈا لہراؤں گا اور نعرہ بازی بھی کروں گا کہ ہماری مسلم لیگ واپس کرو۔ خواجہ صاحب بس ہماری الٹی سیدھی باتوں پر مسکراتے رہے کہ دیکھو بھائی کہاں جائیں، کہاں سے انصاف ملے گا، خاموشی ہی بہتر ہے۔ میں بھی سمجھ گیا کہ اب وقت بدل گیا ہے۔ محسن بھوپالی کا شعر یاد آ گیا:

نیرنگیٔ سیاستِ دوراں تو دیکھیے
منزل انہیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے

اب الزام اور الزام تراشنے والوں کا کیا کریں؟ کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ کوئی اور ملک ہوتا تو کروڑوں کے جرمانے دینے پڑ جاتے۔ شرم و حیا دلانے کی باتیں اب صرف خواجہ آصف ہی کر سکتے ہیں۔ محسن بھوپالی کا دوسرا شعر ملاحظہ فرمائیں:

لقینِ اعتماد وہ فرما رہے ہیں آج
راہِ طلب میں خود جو کبھی معتبر نہ تھے

جنگی جنون کے خلاف امن کی جیت

اسد طاہر جپہ

امریکی مڈٹرم الیکشن کے نتائج نے پوری دنیا کو ایک ایسا پیغام دیا ہے جسے صرف ووٹوں کی گنتی سے نہیں بلکہ تاریخ کے آئینے میں دیکھنا چاہیے۔ یہ الیکشن ڈیموکریٹس اور ریپبلکنز کے درمیان نشستوں کی کشمکش نہیں تھا، یہ امریکی ضمیر کی بیداری کا اعلان تھا۔ یہ اُس قوم کے اجتماعی شعور کا فیصلہ تھا جو برسوں سے جنگوں، دھمکیوں، پابندیوں اور عالمی محاذ آرائی کے بوجھ تلے دبی ہوئی تھی اور اب اس نے اپنے ووٹ کی طاقت سے یہ کہہ دیا کہ بس بہت ہو چکا، اب ہم امن چاہتے ہیں، اب ہم اپنی معیشت مضبوط بنانا چاہتے ہیں، اب ہم اپنے بچوں کا بہتر مستقبل چاہتے ہیں۔ اب دنیا کو فتح کرنے کا خبط نہیں، ہم دنیا کے ساتھ جینے کا سلیقہ چاہتے ہیں۔ مڈٹرم الیکشن میں ریپبلکن پارٹی کی ہار دراصل امریکہ کی جیت ہے۔ ریپبلکن پارٹی کی شکست دراصل ایک ایسی پالیسی کی شکست ہے جو طاقت کو دلیل، دھمکی کو سفارتکاری اور جنگ کو سیاست سمجھتی تھی۔

امن کی یہ جیت دراصل جمہوری سوچ کی جیت ہے، عوام کی جیت ہے، امریکی آئین کی جیت ہے، اُس کے ان اداروں کی جیت ہے جنہیں بار بار کمزور کرنے کی کوشش کی گئی مگر وہ اپنی جڑوں پر قائم رہے۔ یہ جیت اس لیے بھی اہم ہے کہ یہ کسی بیرونی دباؤ، کسی سازش سے نہیں بلکہ خود امریکی عوام کے اپنے فیصلے سے حاصل ہوئی ہے جنہوں نے پولنگ سٹیشنوں پر جا کر ثابت کر دیا کہ امریکہ ابھی زندہ ہے، اس کا ضمیر ابھی سویا نہیں، اس کی جمہوریت ابھی تھکی نہیں۔ جب قوم جاگ جائے تو کوئی طاقت، کوئی پروپیگنڈا، کوئی خوف اس کے فیصلے کو بدل نہیں سکتا۔ یہی وہ لمحہ تھا جب دنیا نے دیکھا کہ امریکی عوام نے اپنی تاریخ کے ایک نازک موڑ پر دانشمندی کا ثبوت دیا اور دنیا کو یہ پیغام دیا کہ امریکہ کا اصل چہرہ وہ نہیں جو ٹیلی ویژن کی سکرینوں پر غصے، نفرت اور جارحیت کی صورت میں دکھایا جاتا رہا بلکہ امریکہ کا اصل چہرہ وہ ہے جو امن، رواداری، برداشت اور انسانیت پر یقین رکھتا ہے۔ جب دنیا کی سب سے بڑی طاقت کے عوام امن کا انتخاب کرتے ہیں تو اس کا اثر صرف واشنگٹن تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کی گونج بغداد سے کابل، غزہ سے یوکرین اور تائیوان سے خلیج تک ہر اس خطے میں سنائی دیتی ہے جو جنگ کے سائے میں جی رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکی مڈ ٹرم الیکشن کو صرف امریکی سیاست ہی نہیں بلکہ عالمی امن کیلئے ایک ریفرنڈم سمجھا جا رہا تھا۔

ڈیموکریٹس کی واضح برتری کو اگر ہم سیاسی اعداد و شمار کی روشنی میں دیکھیں گے تو ہم اس کے اصل معنوں کو سمجھنے سے محروم رہ جائیں گے۔ یہ برتری دراصل امریکی عوام کی جانب سے اس جنگی جنون سے نفرت کا اظہار ہے جو گزشتہ چند برسوں میں امریکی سیاست کا غالب رنگ بن گیا تھا۔ وہ جنون جس نے امریکی نوجوانوں کو بیرونِ ملک محاذوں پر جھونکنے کی بات کی، جس نے دفاعی بجٹ کو عوامی فلاح کے بجٹ پر فوقیت دی، جس نے ہر بین الاقوامی مسئلے کا حل صرف بمباری، ناکہ بندی اور فوجی دباؤ میں تلاش کیا۔ جس نے دنیا کے ہر ملک کو دوست یا دشمن کے خانے میں بانٹ دیا اور سفارتکاری کی باریک اور نازک زبان کو بھلا دیا۔ امریکی عوام نے اس جنون کو مسترد کر دیا ہے، انہوں نے یہ باور کرایا ہے کہ ہمیں ایسا امریکہ نہیں چاہیے جو ہر وقت جنگ پر آمادہ ہو۔ ہمیں ایسا امریکہ چاہیے جو بہتر تعلیم اور بہتر طبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے تیار ہو، جو روزگار فراہم کرنے کیلئے تیار ہو، جو ماحول کے تحفظ کیلئے تیار ہو۔ امریکی عوام نے یہ واضح پیغام دیا کہ ہمیں وہ قیادت نہیں چاہیے جو ہمیں ہر روز کسی نئے دشمن سے ڈرائے بلکہ ہمیں وہ قیادت چاہیے جو ہر روز کسی نئے خواب سے روشناس کرائے۔ یہی نفرت ووٹ کی قوت میں ڈھل کر سامنے آئی۔ یہ نفرت کسی ایک جماعت سے نہیں اس سوچ سے ہے جو جنگ کو کاروبار سمجھتی ہے، جو اسلحہ ساز کمپنیوں کے مفاد کو قومی مفاد کا نام دیتی ہے، جو میڈیا پر جنگی ماحول بنا کر عوام کے ذہنوں کو یرغمال بناتی ہے اور پھر انہی عوام کے ٹیکسوں سے جنگوں کا ایندھن خریدا جاتا ہے۔ امریکی عوام نے اب اس چکر کو پہچان لیا ہے، انہوں نے دیکھ لیا ہے کہ جنگیں ان کے گھروں کو محفوظ نہیں بناتیں بلکہ ان کے گھروں کو مہنگائی، بیروزگاری اور بے چینی کی آگ میں جھونک دیتی ہیں۔ انہوں نے دیکھ لیا ہے کہ جب واشنگٹن جنگوں میں الجھا ہوتا ہے تو اوہائیو کے کسان، مشی گن کے مزدور، کیلیفورنیا کے طالب علم اور ٹیکساس کے چھوٹے کاروباری سب پیچھے رہ جاتے ہیں۔ اس لیے اس بار کا ووٹ دراصل ایک احتجاج کا اظہار تھا، ایک پُرامن انقلاب تھا، ایک خاموش مگر فیصلہ کن بغاوت! جس میں عوام نے بندوق کے بجائے بیلٹ پیپر سے جنگی جنون کو شکست دی۔ امریکی عوام نے بتا دیا کہ وہ اب جنگ نہیں بلکہ ایک پُرامن اور خوشحال زندگی چاہتے ہیں۔ مڈٹرم امریکی الیکشن کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ اس نے امریکی جمہوریت کی گہرائی اور پختگی کو ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کیونکہ ایک ایسے وقت میں جب دنیا بھر میں جمہوریت کے زوال، میڈیا کے دباؤ، جھوٹی خبروں اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے رائے عامہ کو گمراہ کرنے کی باتیں ہو رہی تھیں، امریکی عوام نے دکھا دیا کہ ووٹ کی طاقت آج بھی سب سے بڑی طاقت ہے۔ کوئی بھی حکمران، چاہے وہ کتنا ہی مقبول کیوں نہ ہو، کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو عوام کی مرضی کے بغیر زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتا۔ یہی جمہوریت کا اصل حسن ہے کہ اس میں شکست بھی عزت کے ساتھ قبول کی جاتی ہے اور جیت بھی عاجزی کے ساتھ منائی جاتی ہے۔

اس الیکشن میں نوجوانوں، خواتین، اقلیتوں، مزدوروں، اساتذہ، ڈاکٹروں، کسانوں، سب نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور یہ ثابت کر دیا کہ امریکہ کا مستقبل کسی ایک شخص کے ہاتھ میں نہیں بلکہ پوری قوم کے ہاتھ میں ہے۔ جب قوم اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرتی ہے تو وہ فیصلہ ہمیشہ درست ہوتا ہے، اس لیے اس نتیجے کو کسی جماعت کی شکست و فتح سے زیادہ جمہوریت کی فتح سمجھنا چاہیے کیونکہ جمہوریت ہی وہ نظام ہے جو غلطی کی اصلاح کا موقع دیتا ہے، جو حکمران کو آئینہ دکھاتا ہے، جو عوام کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ اپنے حکمرانوں سے پوچھیں کہ تم نے ہمارے ٹیکس کا پیسہ کہاں خرچ کیا، ہمارے بچوں کے مستقبل کے ساتھ کیا کیا، دنیا میں ہمارے ملک کا نام روشن کیا یا رسوا کیا؟ اس بار امریکی عوام نے یہ سوال پوچھا ہے اور اس کا جواب بھی اپنے ووٹ سے دیا ہے۔ یہ جواب اتنا واضح ہے کہ اب واشنگٹن کے ایوانوں میں بیٹھے ہر سیاستدان کو اسے سننا پڑے گا کیونکہ عوام کی آواز کو زیادہ دیر تک دبایا نہیں جا سکتا، اور جب عوام بولتے ہیں تو تاریخ بھی خاموشی سے ان کا فیصلہ سنتی ہے۔ اس بار تاریخ نے بھی سنا ہے کہ امریکہ نے امن کو چنا ہے، انسانیت کو چنا ہے، دانش مندی کو چنا ہے۔

ریپبلکن انتظامیہ کی بین الاقوامی سطح پر جاری جارحانہ خارجہ پالیسی کے خلاف یہ عدم اعتماد کا ووٹ کوئی معمولی واقعہ نہیں بلکہ اس عالمی پالیسی کے خلاف ایک کھلا ریفرنڈم ہے جس نے امریکہ کو دنیا میں تنہا کر دیا تھا، جس نے اتحادیوں کو ناراض، حریفوں کو مشتعل اور غیر جانبدار ملکوں کو خوف میں مبتلا کر دیا تھا۔ ٹرمپ کا ہارنا اور امریکی عوام کا جیتنا ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ طاقت سے بڑی چیز عوامی رائے ہے، خوف سے بڑی چیز امید ہے اور جنگ سے بڑی چیز امن ہے۔ جو قوم اس سبق کو سمجھ جائے وہ کبھی ہارتی نہیں، وہ ہمیشہ جیتتی ہے۔ اس بار امریکی قوم نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ ہارنے والی نہیں، جیتنے والی قوم ہے۔ اس کی جیت دراصل پوری انسانیت کی جیت ہے، جنگی جنون کے خلاف امن کی جیت پر ہمیں بھی مبارکباد دینی چاہیے کیونکہ جب کسی ایک ملک، کسی ایک خطے میں امن جیتتا ہے تو باقی دنیا کو بھی جیتنے اور جینے کا حوصلہ ملتا ہے۔ دنیا کو اسی حوصلے کی جتنی زیادہ ضرورت آج ہے اتنی پہلے شاید کبھی نہ تھی۔

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

پنجاب کے سرکاری نرسنگ کالجوں میں داخلہ برائے

بی ایس نرسنگ - Generic (چار سالہ پروگرام)

سیشن 2026-2027

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، حکومت پنجاب کی جانب سے مورخہ 01.01.2026 کو جاری کردہ داخلہ پالیسی کے تحت، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کو بطور Admitting University اہل امیدواروں سے بی ایس نرسنگ-Generic (چار سالہ) ڈگری پروگرام میں داخلے کے لیے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں۔ یہ داخلے پنجاب کے درج ذیل سرکاری نرسنگ کالجز میں سمسٹر سسٹم کے تحت ہوں گے:

Sr. No.	Name of Institution	Morning Batch	Evening Batch
1.	College of Nursing, KEMU / Mayo Hospital, Lahore	100	100
2.	College of Nursing, FJMU / Sir Ganga Ram Hospital, Lahore	100	100
3.	College of Nursing, Ammer-ud-Din Medical College, Lahore General Hospital, Lahore	100	100
4.	College of Nursing, Allama Iqbal Medical College/Jinnah Hospital, Lahore	100	100
5.	College of Nursing, RMU / Holy Family Hospital, Rawalpindi	100	100
6.	College of Nursing, RMU / R.G.H Rawalpindi (Benazir Bhutto Hospital)	100	100
7.	College of Nursing, FMU / Allied Hospital, Faisalabad	100	100
8.	College of Nursing, NMU / Nishtar Hospital, Multan	100	100
9.	College of Nursing, QAMC/Bahawalpur Victoria Hospital, Bahawalpur	100	100
10.	College of Nursing, SIMS / Services Hospital, Lahore	100	100
11.	College of Nursing, Children Hospital, Lahore	100	100
12.	College of Nursing, KSMC/Allama Iqbal Memorial Hospital, Sialkot	100	100
13.	College of Nursing, DGMC / DHQ, Dera Ghazi Khan	100	100
14.	College of Nursing, Muzaffargarh	100	100
15.	College of Nursing, SZMC / Sheikh Zayed Hospital, Rahim Yar Khan	100	100
16.	College of Nursing, FJMU / Government Teaching Hospital, Shahdara, Lahore (Only for males)	100	100
17.	College of Nursing, DHQ Hospital, Attock	50	50
18.	College of Nursing, DHQ Hospital, Bahawalnagar	50	50
19.	College of Nursing, DHQ Hospital, Bhakkar	50	50
20.	College of Nursing, DHQ Hospital, Chakwal	50	50
21.	College of Nursing, DHQ Hospital, Faisalabad	50	50
22.	College of Nursing, DHQ Hospital, Gujranwala	50	50
23.	College of Nursing, DHQ Hospital, Gujrat	50	50
24.	College of Nursing, DHQ Hospital, Hafizabad	50	50
25.	College of Nursing, DHQ Hospital, Jhang	50	50
26.	College of Nursing, DHQ Hospital, Jhelum	50	50
27.	College of Nursing, DHQ Hospital, Kasur	50	50
28.	College of Nursing, DHQ Hospital, Khanewal	50	50
29.	College of Nursing, DHQ Hospital, Khushab	50	50
30.	College of Nursing, DHQ Hospital, Layyah	50	50
31.	College of Nursing, DHQ Hospital, Lodhran	50	50
32.	College of Nursing, DHQ Hospital, Mandi Bahud Din	50	50
33.	College of Nursing, DHQ Hospital, Mianwali	50	50
34.	College of Nursing, DHQ Hospital, Narowal	50	50
35.	College of Nursing, DHQ Hospital, Okara	50	50
36.	College of Nursing, DHQ Hospital, Pakpattan	50	50
37.	College of Nursing, DHQ Hospital, Rajanpur	50	50
38.	College of Nursing, DHQ Hospital, Rawalpindi	50	50
39.	College of Nursing, DHQ Hospital, Sahiwal	50	50
40.	Sahiwal College of Nursing, DHQ Hospital, Sargodha	50	50
41.	College of Nursing, DHQ Hospital, Sheikhupura	50	50
42.	College of Nursing, DHQ Hospital, Toba Tek Singh	50	50
43.	College of Nursing, DHQ Hospital, Vehari	50	50
44.	College of Nursing, Eye Cum Hospital, Gojra	50	50
45.	Postgraduate College of Nursing Punjab Lahore	100	-
	Total	3100	3000

اہلیت کا معیار:
1- امیدوار کا ایچ ایس ایس سی / ایف ایس سی (پری میڈیکل) یا اس کا مساوی امتحان کسی بھی تسلیم شدہ تعلیمی بورڈ سے کم از کم پچاس فیصد نمبروں کے ساتھ پاس ہونا لازمی ہے۔
2- زیادہ سے زیادہ عمر کی حد پینتیس (35) برس ہوگی جو درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کے مطابق شمار کی جائے گی۔ اس حد میں کسی بھی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔
3- امیدوار کے پاس پنجاب کا ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔
4- تمام نرسنگ کالجز میں داخلے کے لیے صرف خواتین امیدوار اہل ہوں گی تاہم کالج آف نرسنگ گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال شاہدرہ میں تمام نشستیں مرد امیدواروں کے لیے مخصوص ہوں گی۔

میرٹ کا تعین:
1- میرٹ کا تعین ایف ایس سی (پری میڈیکل) میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر کیا جائے گا۔
2- اگر دو یا زیادہ امیدواروں کے نمبروں میں برابری ہو تو میٹرک / ایس ایس سی یا مساوی امتحان کے نمبروں کو مدنظر رکھا جائے گا۔ اگر برابری برقرار رہے تو عمر کے لحاظ سے بڑے امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

درخواست دینے کا طریق کار:
1- امیدوار صرف مرکزی آن لائن داخلہ پورٹل (https://bsnadmissions.uhs.edu.pk) کے ذریعے درخواست جمع کرائیں گے۔
2- داخلے کے لیے درخواست دینے والے امیدوار کو تمام نرسنگ کالجز کے لیے ترجیحی فہرست دینا ضروری ہے۔ امیدوار اپنی پسند کے مطابق تمام کالجز کا انتخاب کرے گا۔ درخواست آخری تاریخ تک قابل ترمیم ہوگی تاہم ترجیحات کی تعداد اور ان کا ترتیب آخری تاریخ کے بعد تبدیل نہیں کی جا سکے گی۔ کسی بھی کالج جسے امیدوار نے منتخب نہ کیا ہو اسے اس کالج میں داخلہ نہیں ملے گا۔
3- مطلوبہ دستاویزات (سکین شدہ نقول) اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔ ان میں شناختی کارڈ (دونوں سائیڈ)، ڈومیسائل، میٹرک اور ایف ایس سی کے سرٹیفکیٹس / رزلٹ کارڈز شامل ہیں جو متعلقہ بورڈ سے تصدیق شدہ ہوں۔
4- درخواست کی پراسیسنگ فیس پانچ سو روپے (ناقابل واپسی) ہے۔ فیس واؤچر درخواست پورٹل سے حاصل کیا جائے گا۔ ادائیگی بینک آف پنجاب میں برانچ بینکنگ یا ون بل کے ذریعے کی جائے گی (ٹاپ اپ آپشن استعمال نہ کیا جائے)۔ فیس کی رسید آن لائن درخواست کے ساتھ اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔
5- بذریعہ ڈاک یا ہاتھ سے جمع کرائی گئی درخواستیں قبول نہیں ہوں گی۔
6- صرف وہی آن لائن درخواستیں زیر غور لائی جائیں گی جو مکمل دستاویزات کے ساتھ جمع ہوں اور جن کی فیس ادا کر دی گئی ہو۔

داخلے اور جوائننگ کا طریق کار:
1- امیدوار کا داخلہ اسی صورت میں برقرار رہے گا جب وہ داخلہ کے طریق کار اور مقررہ شیڈول کی پابندی کرے۔ اگر کوئی امیدوار میرٹ پر منتخب ہونے کے بعد مقررہ مدت میں آن لائن رضامندی (Consent) نہیں دیتا اور / یا داخلہ فیس (پندرہ ہزار روپے) جمع کروانے سے قاصر رہتا ہے تو اس کا نام داخلہ عمل سے خارج کر دیا جائے گا اور خالی ہونے والی سیٹ میرٹ میں اگلے امیدوار کو دے دی جائے گی۔
2- منتخب امیدوار اپنا داخلہ فیس چالان فارم درخواست پورٹل سے ڈاؤن لوڈ کریں گے اور فیس بینک آف پنجاب میں برانچ بینکنگ یا ون بل کے ذریعے ادا کریں گے (ٹاپ اپ آپشن استعمال نہ کیا جائے)۔
3- امیدوار یو ایچ ایس کے آن لائن پورٹل پر اپنی جوائننگ کی نشاندہی کریں گے اور اپ گریڈیشن یا موجودہ نشست پر برقرار رہنے سے متعلق رضامندی ظاہر کریں گے۔ رضامندی فارم میں امیدوار کو درج ذیل میں سے ایک اختیار ظاہر کرنا ہوگا:
(الف) اپنے موجودہ کالج کی الاٹ شدہ سیٹ برقرار رکھنا، یا
(ب) اگلی میرٹ لسٹ میں ترجیحات کے مطابق اپ گریڈیشن کا انتخاب کرنا۔
4- ایک بار دی گئی رضامندی حتمی تصور ہوگی اور بعد میں اس میں تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔
5- داخلے کی حتمی فہرست یو ایچ ایس کی جانب سے جاری ہونے کے بعد متعلقہ کالجز کے پرنسپل داخلہ آفر لیٹر جاری کریں گے۔
6- امیدوار آن لائن پورٹل سے داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کر کے جوائننگ کے وقت جمع کروائیں گے۔ وہی دستاویزات متعلقہ کالج میں جمع کرانا ضروری ہوں گی جو درخواست کے وقت پورٹل پر اپ لوڈ کی گئی تھیں۔
7- منتخب امیدوار داخلہ آفر لیٹر جاری ہونے سے پہلے شورٹی بانڈ (Surety Bond) اور اصل تعلیمی دستاویزات (مدت تربیت مکمل ہونے تک) متعلقہ کالج میں جمع کروائیں گے۔

Description	Schedule
Online Application Start Date	19th November, 2026 (From 9:00 AM)
Online Application Closing Date	3rd December, 2026 (By 5:00 PM)
Provisional Order of Merit	30th December, 2026
Final Order of Merit	1st January, 2027
1st Selection List	4th January, 2027
2nd Selection List	8th January, 2027
3rd Selection List	14th January, 2027

اہم نوٹ:
1- تمام داخلے حکومت پنجاب کی مورخہ 01.01.2026 کی داخلہ پالیسی کے مطابق صرف "میرٹ بمعہ ترجیح" کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔
2- تمام میرٹ / سلیکشن فہرستیں یو ایچ ایس کی ویب سائٹ پر جاری کی جائیں گی۔
3- ایک بار امیدوار کا داخلہ ہو جانے کے بعد بہتر نمبروں (امپرووڈ مارکس) کو شمار نہیں کیا جائے گا۔
4- بی ایس نرسنگ Generic (صبح و شام) میں داخل ہونے والے طلبہ کو کسی قسم کا وظیفہ نہیں دیا جائے گا۔
5- داخلہ صرف تعلیمی اسناد کی تصدیق کے بعد حتمی تصور ہوگا۔ کسی بھی دستاویز میں رد و بدل یا غلط بیانی ثابت ہونے کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا اور امیدوار کو تین برس کے لیے نااہل قرار دیا جائے گا۔
6- جو امیدوار داخلہ عمل کے مقررہ شیڈول کی پابندی نہیں کرے گا اس کی درخواست درست اور مکمل تصور نہیں ہوگی اور مسترد کر دی جائے گی۔

وائس چانسلر
یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور-54600
فون: 042-99231305-09
SPL#1129
/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

SHOWBIZ شوبز

امریکی ٹی وی سیریز مائیک ہیمر کے اداکار اسٹیسی کیچ چل بسے

وارسا (این این آئی) معروف امریکی اداکار اسٹیسی کیچ 85 برس کی عمر میں چل بسے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ میں اسٹیسی کیچ کی اہلیہ مالگوشیا ٹوماسی کیچ کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ اداکار کی موت پولینڈ میں اپنے گھر پر دل کی سنگین بیماری اور ہارٹ فیل ہونے کی وجہ سے ہوئی۔ اسٹیسی کیچ کا شمار امریکا کے ممتاز اسٹیج اداکاروں میں ہوتا تھا۔ انہیں مشہور امریکی ٹی وی سیریز مائیک ہیمر میں جاسوس کے کردار کی وجہ سے عالمی سطح پر شہرت ملی۔ انہوں نے تھیٹر، فلم اور ٹیلی وژن پر کئی دہائیوں تک اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ اسٹیسی کیچ شیکسپیئر کے کلاسیک ڈراموں میں اداکاری کے باعث بھی نمایاں مقام رکھتے تھے۔ 1984ء میں لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر اسٹیسی کیچ کو کوکین اسمگل کرنے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔

دانش تیمور اور عائزہ خان ایک بار پھر نئے ڈرامے میں جلوہ گر ہونے کو تیار

پسندیدہ فنکاروں کو دوبارہ ایک ساتھ اسکرین پر دیکھنے کی خبر پر مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی



خالق نگر (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے معروف اداکار دانش تیمور نے اپنی اہلیہ اور نامور اداکارہ عائزہ خان کے ساتھ ایک بار پھر نئے ڈرامے میں کام کرنے کی نوید سنا دی ہے۔ حال ہی میں امریکی ریاست نیوجرسی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران مداحوں کے سوال کا جواب دیتے ہوئے دانش تیمور نے اس خواہش کا اظہار کیا۔ اداکار کا کہنا تھا کہ وہ اور عائزہ خان دوبارہ اسکرین شیئر کرنے کے لیے تیار ہیں اور اس وقت ایک مضبوط اور دلچسپ کہانی کے منتظر ہیں۔ دانش تیمور نے مسکراتے ہوئے کہا کہ عائزہ خان کے ساتھ کام کرنے سے بھلا کون انکار کر سکتا ہے کیونکہ دونوں کو اداکاری سے گہرا لگاؤ ہے۔ اس خبر کے سامنے آتے ہی سوشل میڈیا پر دونوں فنکاروں کے مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور ناظرین اس مقبول جوڑی کو دوبارہ ایک ساتھ دیکھنے کے لیے بے تاب ہیں۔

ایوارڈ شو انتظامیہ نے تسلیم کر لیا ان سے غلطی ہوئی، اقراء کنول کا بڑا انکشاف

کراچی (این این آئی) اقرا کنول کے مطابق انتظامیہ نے تسلیم کیا کہ مختلف کیٹیگریز کو حتمی شکل دینے کے عمل میں غلطی ہوئی تھی۔ پاکستان کی معروف یوٹیوبر اقرا کنول نے حالیہ ایوارڈ شو سے متعلق تنازع پر اہم انکشاف کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ انتظامیہ نے اپنی غلطی تسلیم کر لی ہے۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ایک ویڈیو میں اقرا کنول نے بتایا کہ ایوارڈ شو کی انتظامی ٹیم نے ایوارڈز کی کیٹیگریز طے کرنے کے دوران غلطی ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ اقرا کنول کے مطابق انتظامیہ نے تسلیم کیا کہ مختلف کیٹیگریز کو حتمی شکل دینے کے عمل میں غلطی ہوئی تھی، جس کے باعث تنازع پیدا ہوا۔

ریٹنگ کی دوڑ تیز، ڈرامہ سیریل ''دِرنجات'' کی برتری بدستور برقرار

رتبہ، گل بہار اور عزت بھی ناظرین کی توجہ کا مرکز بن گئے

خالق نگر (این این آئی) پاکستان کے نجی انٹرٹینمنٹ ٹی وی چینلز کے درمیان ریٹنگ اور مقبولیت کی دوڑ میں غیر معمولی تیزی آ گئی ہے اور تمام بڑے چینلز ناظرین کی توجہ حاصل کرنے کے لیے نت نئے موضوعات پر مبنی ڈرامے پیش کر رہے ہیں۔ حالیہ جاری ہونے والے ہفتہ وار ریٹنگ چارٹ کے مطابق ڈرامہ سیریل ''دِرنجات'' ریٹنگ اور مقبولیت میں بدستور سرفہرست ہے اور مقبولیت کے تمام ریکارڈ اپنے نام کر رہا ہے۔ شوبز حلقوں اور میڈیا رپورٹس کے مطابق پرائم ٹائم کے اوقات میں نشر ہونے والے ڈراموں کے درمیان سخت مقابلہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق ڈرامہ سیریل ''رتبہ'' دوسرے جبکہ ''گل بہار'' تیسرے نمبر پر براجمان ہے۔ اسی طرح اپنی منفرد کہانی اور مضبوط سکرپٹ کی بدولت ڈرامہ سیریل ''عزت'' اور ''محبت'' ٹاپ فائیو کی فہرست میں جگہ بنانے میں کامیاب رہے ہیں۔ دوسری جانب شام کے اوقات اور دیگر سلاٹس میں نشر ہونے والے ڈرامے ''بانو''، ''نشتر'' اور ''متی دے باوے'' بھی ریٹنگ چارٹ پر نمایاں پوزیشن حاصل کر رہے ہیں۔

نجی چینل ریٹنگ کی دوڑ میں اخلاقیات کی دھجیاں اڑانے لگے

ڈرامے میں رقص، نوٹ نچھاور کرنے اور سگریٹ نوشی کی کھلی نمائش پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش

خالق نگر (این این آئی) نجی ٹیلی ویژن چینلز پر نشر ہونے والے ڈراموں کے معیار اور مواد پر عوامی حلقوں کی جانب سے شدید تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں ایک نجی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والے ڈرامے میں دکھائے جانے والے غیر مناسب مناظر نے ناظرین کو گہری تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ ڈرامے کے ایک منظر میں بند کمرے کی محفل دکھائی گئی ہے جہاں ایک رقاصہ رقص کر رہی ہے، جبکہ وہاں بیٹھے افراد اس پر کھلے عام کرنسی نوٹ نچھاور کر رہے ہیں اور بے دریغ سگریٹ نوشی کی جا رہی ہے۔ اس صورتحال پر شہریوں اور سماجی حلقوں نے شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف حکومتی سطح پر محفلوں میں نوٹ نچھاور کرنے کو کرنسی کی بے حرمتی قرار دے کر سخت سزاؤں کے اعلانات کیے جاتے ہیں اور عوامی مقامات سمیت اسکرین پر تمباکو نوشی کی حوصلہ شکنی کی بات کی جاتی ہے۔

قرآنی آیت والا ہار پہننے پر کرینہ کپور کو قانونی نوٹس جاری

کرینہ کپور اور ریحا کپور کی جانب سے تاحال اس معاملے پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا



نئی دہلی (این این آئی) قرآنی آیت والا ہار پہننے پر بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور کو قانونی نوٹس جاری کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مدھیہ پردیش کانگریس کے ترجمان عباس حفیظ نے اداکارہ اور ان کی اسٹائلسٹ ریحا کپور کو قانونی نوٹس بھجوا دیا۔ کرینہ کپور نے دیوالی کے موقع پر روایتی لباس میں تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کی تھیں، جن میں ان کے گلے میں موجود زمرد کے ہار پر آیت الکرسی کندہ تھی۔ عباس حفیظ نے مؤقف اختیار کیا کہ قرآن پاک کی آیات کو فیشن کے طور پر استعمال کرنے سے مذہبی جذبات مجروح ہو سکتے ہیں۔ قانونی نوٹس میں تصاویر سوشل میڈیا سے فوری ہٹانے اور غیر مشروط عوامی معافی مانگنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ عباس حفیظ نے خبردار کیا ہے کہ مطالبات پورے نہ ہونے پر پولیس یا عدالت سے رجوع کیا جائے گا۔ دوسری جانب کرینہ کپور اور ریحا کپور کی جانب سے تاحال اس معاملے پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا۔

وہاج علی کے سر پر شہرت سوار نہیں ہوئی، امر خان

وہاج علی اور امر خان کی جوڑی کو نجی ٹی وی کے ڈرامہ سیریل میں پسند کیا جا رہا ہے



لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ امر خان نے کہا ہے کہ وہاج علی کے سر پر شہرت سوار نہیں ہوئی وہ آج بھی پہلے جیسے عاجز انسان ہیں۔ وہاج علی اور امر خان کی جوڑی کو نجی ٹی وی کے ڈرامہ سیریل میں پسند کیا جا رہا ہے جبکہ اس میں اداکارہ ماہرہ خان بھی مرکزی کردار نبھا رہی ہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی اور اس دوران مختلف موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ امر خان نے بتایا کہ ان کے خیال میں اس کردار کو کئی دیگر مرد اداکار بھی ادا کر سکتے تھے اور وہ جانتی ہیں کہ بہت سے اداکار ایسا کردار نبھانے کے خواہشمند بھی تھے لیکن اسے، جس طرح وہاج علی نے ادا کیا ہے ویسا کوئی اور نہیں کر سکتا تھا۔ اداکارہ نے ایک انسان کے طور پر بھی وہاج علی کی بہت تعریف کی اور بتایا کہ وہ وہاج کو اس وقت سے جانتی ہیں جب وہ دونوں ہی شوبز کی دنیا میں بالکل نئے تھے، گزشتہ چند برسوں میں وہاج نے بے پناہ کامیابی حاصل کی ہے۔

سدھارتھ کا فون چیک کرتی ہوں، کیارا اڈوانی کا اعتراف

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی اداکارہ کیارا اڈوانی نے اعتراف کیا ہے کہ میں شوہر کا فون چیک کرتی ہوں۔ اداکار سدھارتھ ملہوترا اور اداکارہ کیارا اڈوانی نے کافی وِد کرن کے 9ویں سیزن کی حالیہ قسط میں شرکت کی، جہاں انہوں نے ایک دوسرے کے موبائل فون چیک کرنے، رات گئے گفتگو اور چھٹیوں کے دوران تصاویر کھینچنے سے متعلق دلچسپ انکشافات کیے۔ دلچسپ گفتگو کا آغاز اس وقت ہوا جب کرن جوہر نے دونوں سے سوال پوچھا کہ کیا کبھی انہوں نے ایک دوسرے کے موبائل فون چیک کیے ہیں؟ سدھارتھ نے فوری طور پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا، تاہم کیارا نے اعتراف کیا کہ میں سدھارتھ کا فون چیک کرتی ہوں۔

صبا قمر دسمبر میں شادی کرنے والی ہیں؟ اداکارہ کا ردعمل سامنے آ گیا

اداکارہ صبا قمر نے دسمبر میں شادی کرنے سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں پر اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں ردعمل دیتے ہوئے ان کی تردید کر دی ہے۔ اداکارہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک اسٹوری شیئر کی، جس میں انہوں نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اپنی شادی کے بارے میں خود بھی کوئی علم نہیں۔ اگر واقعی ان کی شادی ہونے والی ہے تو انہیں بھی اس کا دعوت نامہ بھیجا جائے۔ صبا قمر نے اپنی مصروفیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کا شیڈول اس قدر بھرا ہوا ہے کہ انہیں گھر جانے اور سونے تک کا وقت نہیں مل رہا۔ انہوں نے طنزیہ انداز میں مزید کہا کہ ابھی تک کسی نے انہیں ان کی اپنی شادی میں مدعو نہیں کیا۔

بقیہ 1

جنرل برخانوف احمد جومولووچ سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعلقات، عسکری تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں اشتراکِ عمل کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ازبکستان کے وزیر دفاع سے ملاقات کے دوران علاقائی سلامتی، موجودہ دفاعی تعلقات اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ کے امکانات زیرِ بحث آئے۔اس موقع پر ایئر چیف نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ دفاعی روابط کا مزید استحکام خطے میں امن کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ازبک وزیر دفاع نے پیشہ ورانہ روابط، باہمی تجربات سے استفادے اور ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ ابھرتے ہوئے سکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔انہوں نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت، اعلیٰ آپریشنل صلاحیتوں اور جنگی استعداد کو سراہتے ہوئے ازبک فضائیہ کی آپریشنل تیاریوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے پاک فضائیہ کے تجربات، مہارت اور افرادی قوت کی صلاحیتوں سے استفادہ کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔بعد ازاں نائب وزیر دفاع و کمانڈر ایئر ڈیفنس اینڈ ایئر فورس سے ملاقات میں دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ مرکوز رہی۔اس ضمن میں مشترکہ فوجی مشقوں، منظم تبادلہ پروگرامز، مسلسل پیشہ ورانہ روابط اور استعدادِ کار میں اضافے کے اقدامات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ایئر چیف نے بنیادی سے اعلیٰ حربی سطح تک پائلٹس کی تربیت، تکنیکی عملے کی پیشہ ورانہ تربیت اور ایرو اسپیس ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات کو اجاگر کیا۔دونوں جانب سے آپریشنل تیاریوں کو مزید بہتر بنانے اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں ایک دوسرے کے تجربات اور تکنیکی صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے پیشہ ورانہ تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا۔ایئر چیف کا دورۂ جمہوریہ ازبکستان، دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا مظہر ہے۔اعلیٰ سطحی ملاقاتیں عسکری اشتراکِ عمل کو وسعت دینے اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے دونوں ممالک کے مشترکہ عزم کی عکاس ہیں جو خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گی۔

بقیہ 2

ٹیوب ویل کی فنی خرابی کو جواز بنا کر پانی کی فراہمی کئی کئی روز معطل رکھی جاتی ہے، حیران کن امر یہ ہے کہ معمولی نوعیت کی فنی خرابی کو دور کرنے میں دس دس روز لگا دیے جاتے ہیں، جس سے ہزاروں مکینوں کی روزمرہ زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ واسا کے بعض اہلکاروں کی مبینہ غفلت اور ٹینکر مافیا کے ساتھ ملی بھگت کے باعث پانی کی مصنوعی قلت کا تاثر پیدا ہو رہا ہے، اگر ٹیوب ویل کی خرابی ایک روز میں دور ہو سکتی ہے تو شہریوں کو مسلسل دس روز تک پانی سے محروم رکھنے کا ذمہ دار کون ہے؟ ادھر قریشی آباد کے مکینوں نے بھی واسا کے نظام پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ علاقے میں پہلے ہی پانی کی سپلائی بمشکل ضروریات پوری کرتی ہے، مگر مبینہ طور پر سیاسی اثر و رسوخ اور مالی مفادات کے تحت واسا عملے کی جانب سے غیر قانونی کنکشن فراہم کرنے اور نئی لائنیں ڈالنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث پہلے سے محدود پانی کی تقسیم مزید متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔شہریوں کے مطابق اس صورتحال سے متعلق واسا حکام کو آگاہ بھی کیا گیا، تاہم تاحال کسی قسم کی مؤثر کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی۔شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف عوام کو پانی کی عدم فراہمی کے باعث ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے تو دوسری طرف واسا کے بلوں میں اضافہ بھی شہریوں کے لیے اضافی بوجھ بن چکا ہے۔اگر ادارہ مقررہ بل وصول کرنے کے باوجود شہریوں کو پینے اور گھریلو استعمال کا پانی فراہم نہیں کر سکتا تو اس کی کارکردگی اور جوابدہی کا تعین کون کرے گا؟ علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور مینجنگ ڈائریکٹر واسا عزیز اللہ خان سے مطالبہ کیا ہے کہ چک جلال دین، مدنی محلہ اور قریشی آباد میں پانی کی فراہمی کی صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹیوب ویل کی خرابی دور کرائی جائے، غیر قانونی کنکشنز اور مبینہ ملی بھگت کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں کو ٹینکر مافیا کے رحم و کرم سے نجات مل سکے۔اس سلسلے میں ایم ڈی واسا عزیز اللہ خان سے مؤقف جاننے کے لیے رابطے کی کوشش کی گئی، تاہم ان سے رابطہ ممکن نہ ہو سکا۔

بقیہ 3

ہر دروازے تک پہنچا رہی ہے۔تاریخ میں پہلی بار ٹائپ ون شوگر کے مریض بچوں کو انسولین کٹس دہلیز تک پہنچائی جا رہی ہیں۔ذیابیطس سمیت دیگر امراض کے لاکھوں میڈیسن باکس مریضوں کے گھروں میں پہنچائے جا رہے ہیں۔اچھے شہری ہونے کے ناطے سب اپنی صحت کے محافظ بنیں، مناسب طرزِ زندگی اپنائیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور بلڈ شوگر کا تسلسل سے معائنہ ہی ذیابیطس سے تحفظ کی کنجی ہے۔ذیابیطس مرض کا تیزی سے پھیلاؤ ایک قابلِ فکر امر ہے، اجتماعی کوششوں سے ذیابیطس کے مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 4

انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔انسپکشن کے دوران مجموعی انتظامات اور طبی سہولیات کی فراہمی کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے محدود وسائل میں عوام کو ایک چھت تلے بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنے پر ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق اور ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا گیا۔معاونِ خصوصی شعیب مرزا نے ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کمال ہسپتال ہے ڈاکٹر عمر، کمال ہسپتال ہے۔تاہم عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ایک لیڈی ڈاکٹر کے تبادلے کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم نے معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اور مؤثر نگرانی کے تسلسل کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 5

حکومت پنجاب کی جانب سے چار ماہ پر مشتمل اس انٹرن شپ پروگرام کے دوران ہر انٹرن کو ماہانہ 50 ہزار روپے وظیفہ بھی فراہم کیا گیا ہے۔اس اقدام کا مقصد نوجوان گریجویٹس کو جدید آئی ٹی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانا ہے۔وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ سی ایم آئی ٹی انٹرن شپ پروگرام کے تیسرے مرحلے کے لیے رجسٹریشن جاری ہے، جس کے ذریعے مزید گریجویٹس کو آئی ٹی کے شعبے میں تربیت حاصل کرنے اور روزگار کمانے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ نوجوانوں کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لیے حکومت پنجاب صرف لفظی جمع خرچ نہیں بلکہ عملی اقدامات کر رہی ہے۔نوجوانوں کو ہنر، تربیت اور معاشی مواقع فراہم کرنا ہی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ترقی کرتے پنجاب کا عملی اظہار ہے۔

بقیہ 6

کمشنر ریونیو نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے اور تمام زیرِ التواء ریونیو امور کو ترجیحی بنیادوں پر جلد از جلد نمٹایا جائے۔اجلاس میں ریونیو معاملات کی بروقت تکمیل، کارکردگی میں بہتری اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 7

کی۔واک میں کرنل شکیل، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پناہ؛ ثناء اللہ گھمن، جنرل سیکرٹری پناہ۔سینئر کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر شازیہ فاطمہ ملک کے علاوہ سول سوسائٹی کے نمائندگان، صحت سے وابستہ پیشہ ور افراد، نوجوانوں، طلبہ اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔اس تقریب کا مقصد ذیابیطس کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا اور صحت مند طرزِ زندگی، احتیاطی طبی اقدامات اور مؤثر حکومتی پالیسیوں کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی میجر جنرل نادر خان نے ذیابیطس اور امراضِ قلب کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے نمٹنے کے لیے عوامی آگاہی، بروقت احتیاط اور اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ صحت مند غذائی عادات کو فروغ دینا، جسمانی سرگرمیوں کو معمول بنانا اور بروقت طبی معائنہ کروانا، عوام کو قابلِ تدارک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ایگزیکٹو ڈائریکٹر پناہ، کرنل شکیل نے ذیابیطس سے نمٹنے کے لیے مسلسل عوامی آگاہی اور صحت کے اداروں، سول سوسائٹی اور حکومت کے درمیان مربوط کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ صحت مند غذائی انتخاب، باقاعدہ جسمانی سرگرمیوں اور بیماری کی بروقت تشخیص کے ذریعے بچاؤ کو قومی ترجیح بنایا جانا چاہیے۔جنرل سیکرٹری پناہ، مسٹر ثناء اللہ گھمن نے پاکستان میں ذیابیطس کی تشویشناک صورتحال کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ ملک میں 3 کروڑ 45 لاکھ سے زائد افراد ذیابیطس کے مرض میں مبتلا ہیں۔انہوں نے کہا کہ چینی سے بھرپور مشروبات اور الٹرا پروسیسڈ غذاؤں کا ضرورت سے زیادہ استعمال ذیابیطس اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ غیر صحت بخش غذائی مصنوعات کی روک تھام کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات جیسے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) لازمی قرار دیے جائیں، چینی سے میٹھے کیے گئے مشروبات پر ٹیکس میں اضافہ کیا جائے اور غذائی نظام سے صنعتی طور پر تیار کردہ ٹرانس فیٹس کا خاتمہ کیا جائے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مضبوط احتیاطی پالیسیوں کا نفاذ آنے والی نسلوں کو محفوظ بنانے اور خاندانوں پر صحت اور معاشی بوجھ کم کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔شرکاء نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور مضبوط صحتِ عامہ کی پالیسیوں، صحت مند غذائی ماحول کے فروغ اور ذیابیطس سے بچاؤ کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگاہی پیدا کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔تقریب کا اختتام پاکستان کے عوام کی صحت کے تحفظ کے لیے فوری اور مربوط اقدامات کی اجتماعی اپیل کے ساتھ ہوا۔

بقیہ 8

پیرا فورس کے اہلکار بھی موجود تھے۔پنک بازار کے قیام کا مقصد خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کے مواقع فراہم کر کے معاشی طور پر خودکفیل بنانا ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ شب معاونِ خصوصی شعیب مرزا نے وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کے ہمراہ ماڈل بازار کا اچانک دورہ کرتے ہوئے اس کی ابتر صورتحال، بند لائٹس اور صفائی کے ناقص انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کیا تھا اور بازار کو فوری فعال بنانے کے احکامات جاری کیے تھے۔انہوں نے ہدایت کی تھی کہ ماڈل بازار کے ساتھ پنک بازار کو بھی ترجیحی بنیادوں پر مکمل فعال بنایا جائے اور لائٹس، صفائی ستھرائی سمیت تمام ضروری انتظامات فوری بہتر کیے جائیں تاکہ خواتین اور شہری ان سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 9

دیہات کمیٹی کی سربراہی متعلقہ اے ڈی سی سوشل سروسز کے سپرد کر دی گئی۔خوشحال دیہات کمیٹی میں پانچ سرکاری اور چار پرائیویٹ ممبر شامل ہوں گے۔چیئرمین یونین کونسل اور متعلقہ سب انجینئر کو بھی خوشحال دیہات کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے۔خوشحال دیہات پروگرام کیلئے 85.23 ارب روپے کی منظوری بھی دے دی گئی۔نومبر تک خوشحال دیہات کمیٹی کو گرانٹ کی پہلی قسط جاری کرنے کی ہدایت کر دی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دوسرے فیز میں دو ہزار دیہات کا ڈویلپمنٹ پلان بھی طلب کر لیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے ہر گاؤں میں پکی گلیاں اور سیوریج کا منظم نظام میرا عزم ہے۔شہر ہوں یا دیہات، اب پنجاب میں ہر جگہ ترقی یکساں ہوگی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ترقی کے سفر میں سب شامل ہیں، سیاسی وابستگی آڑے نہیں آنے دیں گے۔ڈویلپمنٹ پروگرام اور وسائل کا حل پنجاب کے ہر علاقے کا حق ہے۔

بقیہ 10

کے کارکن ہمارا حقیقی سرمایہ ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز پارٹی وسطی پنجاب سیکرٹریٹ آمد کے دوران پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماؤں فریال تالپور، راجہ پرویز اشرف، نیئر بخاری اور حسن مرتضیٰ سمیت عہدیداروں اور جیالوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ بی بی فریال تالپور کی لاہور آمد سے کارکن زیادہ جوش و جذبے سے گلی گلی محلے محلے جا کر پارٹی کا پیغام پہنچائیں گے۔پارٹی قیادت کا لاہور آنا کارکنوں کے لیے نئی روح پھونکنے کے مترادف ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ پیپلز پارٹی لاہور میں پہلے سے زیادہ عوام میں مقبول اور مضبوط ہو رہی ہے۔بلدیاتی انتخابات کے لیے پیپلز پارٹی کے کارکن اور عہدیدار بھرپور طریقے سے تیار ہیں۔گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ عوام کو بروقت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے بلدیاتی انتخابات کا ہونا بہت ضروری ہے۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خاں نے کہا کہ نئے صوبے تب بن سکتے ہیں جب وہاں کے رہنے والے عوام خود چاہیں کہ نیا صوبہ بننا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب اسمبلی سے ایک صوبے کے لیے دو مرتبہ قرارداد منظور ہو چکی ہے، پہلے اس پر تجربہ کر لیا جائے اور صوبہ بنا لیا جائے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ ایک دفعہ آپ صوبے بنا دیں اس کے بعد آپ صوبے ختم کرنا چاہیں وہ نہیں ہو سکتا۔انہوں نے کہا کہ نئے صوبے بنانے کے لیے باہمی مشاورت کے ساتھ ساتھ عوام سے بھی پوچھنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 11

طریقہ کار وضع کر دیا ہے، جس کے تحت کمپنیوں کو فروخت کے تمام بل ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے منسلک کرنا ہوں گے۔نئے طریقہ کار کا اطلاق دسمبر 2026 کے سیلز ٹیکس گوشواروں سے ہوگا۔ایف بی آر کے مطابق پیٹرولیم کنسیشن معاہدے میں شامل ہر شراکت دار کو اپنے حصے کا ڈیجیٹل انوائس جاری کرنا ہوگا، مشترکہ منصوبوں میں نان آپریٹر کمپنیاں آپریٹر کی جانب سے جاری کردہ بل ایف بی آر سسٹم پر اپ لوڈ کر سکیں گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق ایف بی آر کا نظام ہر انوائس کو منفرد نمبر اور کیو آر کوڈ جاری کرے گا، کمپنیوں کو ماہانہ سیلز ٹیکس گوشوارہ جمع کرانے سے پہلے ڈیجیٹل انوائس جاری کرنا ہوگا، تاہم گوشوارہ جمع کرانے سے قبل انوائس میں ترمیم یا اسے حذف کرنے کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ایف بی آر نیڈیجیٹل انوائسنگ کے نفاذ میں آئل اینڈ گیس کمپنیوں کو درپیش مشکلات دور کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 12

مطابق طیارہ ساز کمپنی کے دیوالیہ ہونے کے باعث طیارہ ناقابلِ استعمال ہو گیا تھا، جسے عدالتی احکامات پر نیلام کیا گیا۔نیلامی کے لیے جاری اشتہار میں طیارے کی محفوظ بولی 4 لاکھ امریکی ڈالر مقرر کی گئی تھی۔ذرائع کے مطابق طیارہ 29 اگست 2017 سے سیالکوٹ ایئرپورٹ پر کھڑا تھا، جس پر لاکھوں روپے کے واجبات بھی تھے، جو نیلامی کی رقم سے وصول کر لیے گئے۔چارٹر پروازوں کے لیے استعمال ہونے والے اس طیارے کے انجن، نشستیں اور لینڈنگ گیئر درست حالت میں موجود تھے۔

بقیہ 13

بلکہ الیکٹو (Elective) سرجری کا منتظر تھا، جس میں فوری آپریشن طبی طور پر ضروری نہیں ہوتا۔ترجمان نے واضح کیا کہ ایمرجنسی اور ارجنٹ مریضوں کے آپریشن کے لیے مطلوبہ والو دستیاب ہیں اور کسی بھی ہنگامی مریض کا آپریشن والو کی عدم دستیابی کے باعث نہیں روکا گیا۔تمام مریضوں کی سرجری کی ترجیح ان کی طبی حالت اور رجسٹریشن کی تاریخ کے مطابق طے کی جاتی ہے، نہ کہ ادائیگی یا پروگرام کی بنیاد پر۔مرکزی ٹینڈر پر قانونی حکمِ امتناعی کے باعث الیکٹو کیسز کے لیے والو کی فراہمی عارضی طور پر متاثر ہوئی تھی۔تاہم، پنجاب پروکیورمنٹ رولز کے تحت دوبارہ ٹینڈر مکمل کر کے کامیاب بولی دہندہ کو لیٹر آف انٹینٹ جاری کر دیا گیا ہے، جبکہ نئی سپلائی 15 دن کے اندر متوقع ہے۔ترجمان کے مطابق جولائی 2026 سے اب تک سرکاری صحت پروگراموں کے تحت 320 بالغ مریضوں کی اوپن ہارٹ سرجری اور 236 بچوں کے کارڈیک پروسیجرز مفت انجام دیے جا چکے ہیں۔ترجمان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آر آئی سی میں ہر مریض کو بلا امتیاز یکساں معیاری طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔مزید برآں، میڈیا سے اپیل کی گئی ہے کہ مریضوں کی ذاتی معلومات، بشمول نام، شناختی کارڈ اور فون نمبر، نشر کرنے سے گریز کیا جائے اور خبر کی اشاعت یا نشریات سے قبل ادارے کا مؤقف ضرور حاصل کیا جائے۔

بقیہ 14

آب اور صفائی کا جدید نظام بھی منصوبے میں شامل ہے، سندھ میں 80 فیصد دیہی آبادی کو پانی اور صفائی کی پیشہ ورانہ خدمات فراہم کی جائیں گی، منصوبہ سندھ میں بچوں کی غذائی کمی اور نشوونما کے مسائل کم کرنے میں مدد بھی دے گا۔عالمی بینک کی مطابق دیہی سندھ میں پانچ سال سے کم عمر نصف سے زائد بچے کم نشوونما کا شکار ہیں، سندھ میں صاف پانی اور صفائی کا 10 سالہ منصوبہ چار مراحل میں مکمل کیا جائے گا، پہلے مرحلے پر مجموعی طور پر 54 کروڑ ڈالر خرچ ہوں گے، ایشیائی ترقیاتی بینک 15 کروڑ ڈالر جبکہ سندھ حکومت منصوبے کیلئے 9 کروڑ ڈالر فراہم کرے گی، پاکستان میں اس وقت عالمی بینک کے تعاون سے جاری 47 منصوبوں کی مجموعی مالیت تقریباً سولہ اعشاریہ ایک ارب ڈالر ہے۔

بقیہ 15

گرفتاری کے معاملے پر صوبائی پولیس نے یہ اقدام اٹھایا ہے۔تفتیشی افسر کے مطابق عدالتی حکم پر سہیل آفریدی کو اشتہاری قرار دیا ہے، عدالت نے ملزم کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔وارنٹ گرفتاری کے متن کے مطابق ملزم سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کیا جائے گا، ملزم دیدہ دانستہ اپنی جائز گرفتاری سے گریز کر رہا ہے۔

بقیہ 16

بنانے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔پاکستانی مندوب نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب میں جہازوں پر حملے عالمی تجارت کیلئے خطرہ ہیں، آبنائے ہرمز سے عالمی خام تیل اور کھاد کی تجارت کا بڑا حصہ گزرتا ہے، سمندری راستوں میں کشیدگی عالمی امن، علاقائی استحکام اور توانائی کی قیمتوں کو متاثر کر رہی ہے۔سید حیدر شاہ نے مطالبہ کیا کہ آبنائے ہرمز میں جہازوں کی محفوظ اور بلا رکاوٹ آمد و رفت یقینی بنائی جائے، سلامتی کونسل شہریوں، تجارتی جہازوں اور انکے عملے کے تحفظ کے لیے متحد ہو۔انہوں نے کہا کہ تنازعات کے حل کیلئے کشیدگی میں کمی، مذاکرات اور سفارتکاری کو ترجیح دی جائے، تمام فوجی اشتعال انگیزیوں اور غیر قانونی حملوں کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، پاکستان خطے میں پائیدار امن، استحکام اور سمندری سلامتی کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 17

خرچ کیے جائیں گے۔مشیر اطلاعات برائے مخصوص اضلاع محمود جان بابر کے مطابق جدید ٹیکنالوجی ڈرون کی شناخت اور اسے گرانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔کسی بھی ڈرون کے ان 12 اضلاع میں داخل ہوتے ہی یہ ٹیکنالوجی متحرک ہو جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ جدید اینٹی ڈرون ٹیکنالوجی ایک شیلڈ کی طرح مخصوص اضلاع کو ڈرون سے تحفظ فراہم کرے گی۔محمود جان بابر نے کہا کہ ڈرون حملوں کو روکنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانا وقت کی ضرورت ہے۔انہوں نے بتایا کہ 70 ارب روپے کے مختص فنڈز میں سے 60 ارب روپے پولیس کے لیے رکھے گئے ہیں، جبکہ 12 مخصوص اضلاع کی کاؤنٹر ٹیرازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی کے لیے 10 ارب روپے سے زائد کے فنڈز جاری کیے جائیں گے۔

بقیہ 18

جنید آفتاب نے بتایا کہ تربیلا ڈیم سے پانی کا اخراج ڈیڑھ لاکھ کیوسک سے تجاوز کر جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ممکنہ اضافی پانی کے پیشِ نظر ڈیم کے کنارے آباد آبادیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کے لیے اعلانات شروع کر دیے ہیں، شہریوں کو دریائے سندھ اور ڈیم کے قریب غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔دوسری جانب انتظامیہ نے ڈیم میں کشتی رانی اور نہانے پر پابندی عائد کر دی ہے جبکہ مویشی پال افراد کو بھی خبردار کیا گیا ہے کہ وہ اپنے جانوروں کو دریا کے کناروں سے دور رکھیں تاکہ کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔

بقیہ 19

کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ریسکیو ذرائع نے کہا کہ ایک فقیر ویل چیئر پر بیٹھا تھا دوسرا دھکا لگا رہا تھا کہ پیچھے سے ٹرک نے ہٹ کیا، جاں بحق شخص کی شناخت 45 سالہ لعل، زخمی کی 60 سالہ حاجی کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس حکام نے بتایا کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہے، ٹرک ڈرائیور کو پکڑنے کیلئے کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 20

پریشر مین سپلائی لائن سے کلیمپ کے ذریعے پائپ جوڑ کر کروڈ آئل چوری کرتے تھے۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے محمد ممتاز، شوکت اور محمد اکرام کو گرفتار کر لیا، جب کہ مکان میں موجود زیرِ زمین ٹینک سے 1431 لیٹر کروڈ آئل برآمد ہوا۔آئل فیلڈ کے سینئر ایگزیکٹو ایڈمن شاہد احمد کی مدعیت میں درج مقدمے کے مطابق مین سپلائی لائن سے مجموعی طور پر 1100 بیرل کروڈ آئل چوری کیا گیا، جس کی مالیت 2 کروڑ 32 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔مقدمے میں مکان کے نگران شاہ محمد سمیت ساجد، اختر، حفظ الرحمان اور زاہد کو بھی آئل چوری میں ملوث قرار دیا گیا ہے۔پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 21

علاقہ دو ہنگی گراؤنڈ، ایچ بلاک، گلشنِ راوی لاہور میں ٹیسلے واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کر دیا۔اس منصوبے کے تحت حلقہ پی پی 172 کی یونین کونسلز 104، 99، 100، 93، 99 اور 77 کے تقریباً 20 ہزار افراد روزانہ مستفید ہوں گے۔پلانٹ کے ذریعے مقامی آبادی کو 100 فیصد خالص اور صاف پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی جو عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صحت مند معاشرے کے قیام کی جانب ایک اہم قدم ہے۔پلانٹ کی پائیدار فعالیت اور صاف پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کے لیے اس کی ہفتہ وار بنیادوں پر باقاعدہ مینٹیننس بھی کی جائے گی۔

بقیہ 22

ماہ رواں کے دوران بابا گورونانک صاحب کے جنم دن کی تقریبات کیلئے صفائی کے خصوصی اقدامات کا فیصلہ کیا۔اس حوالے سے ننکانہ صاحب کے ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی کو ضروری ایکشن پلان پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔اجلاس میں انسدادِ سموگ پلان اور سیلف آپریشن والی تحصیلوں کے معاملات پر بھی غور کیا گیا۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرِ نگرانی صوبہ بھر میں مربوط انسدادِ سموگ پلان کے اچھے نتائج سامنے آئے ہیں۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ سموگ سیزن کے دوران تمام متعلقہ محکمے اسی جذبے سے آگے بڑھیں گے۔وزیر بلدیات نے کہا کہ جہاں کنٹریکٹرز کی کارکردگی اچھی ہے وہاں آؤٹ سورسنگ جاری رہے گی تاہم صفائی کے اہداف حاصل کرنے میں ناکام علاقوں میں سیلف آپریشن کریں گے۔انہوں نے زور دیا کہ ڈپٹی کمشنرز اور مینجنگ ڈائریکٹرز اپنے اضلاع میں صفائی پلان پر مؤثر عملدرآمد کرائیں۔

بقیہ 23

پر جھوٹ بولنے والے صوابی کے عوام کا جذبہ دیکھ لیں، صوبے میں انتظامی حوالے سے ہونے والی تبدیلیوں کو عوام نے من و عن تسلیم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کے مفاد کے منصوبوں کو آگے لے کر جائیں گے، خیبرپختونخوا کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا گیا، 13 سال صوبے کو بے دردی سے لوٹا گیا اور پی ٹی آئی دور میں ہر طرف کرپشن کا راج تھا۔امیر مقام نے کہا کہ صوبے کے وسائل عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کریں گے، عوام کے تعاون سے امن و امان قائم ہوگا اور صوبہ ترقی کرے گا۔

بقیہ 24

میں دونوں ممالک کے ڈیزائنرز کے ملبوسات پیش کیے گئے جبکہ برطانوی گیتوں کو پاکستانی موسیقی کے انداز میں پیش کیا گیا۔مہمانوں کے لیے دونوں ممالک کے روایتی کھانوں کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا۔منعقدہ تقریب کے مہمانِ خصوصی وزیراعظم شہباز شریف تھے جبکہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرا، کاروباری شخصیات اور فیشن ڈیزائنرز سمیت 600 سے زائد مہمانوں نے شرکت کی۔وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر پاکستان اور برطانیہ کی دوستی مزید مضبوط ہونے کی خواہش کا اظہار کیا جبکہ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کی تخلیقی صلاحیتیں اور کاروباری تعاون روزگار اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 25

آہنگی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک کو نامزد کیا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق مکالمے میں ایس سی او کے رکن ممالک کے نمائندے شرکت کریں گے، جہاں تہذیبی مکالمے اور ثقافتی تفہیم سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔بیان میں کہا گیا کہ حکومت پاکستان باہمی احترام کے جذبے کے تحت تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے فروغ اور ایس سی او کے پلیٹ فارم کے ذریعے عوامی سطح پر روابط مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ 26

پیش کرتے ہوئے فلسطینی عوام کے جائز حقوق بالخصوص حقِ خودارادیت کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا ہے۔صدر مملکت نے فلسطینی صدر محمود عباس کے نام اپنے خط میں کہا کہ پاکستان اور فلسطین کے درمیان مشترکہ تاریخ، باہمی اعتماد، یکجہتی اور مشترکہ امنگوں پر مبنی قریبی برادرانہ تعلقات استوار ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام فلسطینی عوام کو انتہائی احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور بھائی چارے کے رشتوں کو مزید تقویت دینے کے لیے نہایت پرعزم ہیں۔صدر آصف علی زرداری نے اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق 1967 سے پہلے کی سرحدوں کی بنیاد پر آزاد، خودمختار، قابلِ عمل اور ملحقہ ریاست فلسطین جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، کے قیام کے لیے پاکستان کی پختہ اور اصولی حمایت کا اعادہ کیا۔انہوں نے فلسطینی عوام کو مسلسل درپیش مصائب کے تناظر میں ان کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے پائیدار امن، آزادی اور وقار کیلئے ان کی امنگوں کی حمایت کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 27

برآمد کر لی جس کی مجموعی تخمینہ شدہ مالیت 68 کروڑ روپے ہے۔یہ برآمدگی 12 نومبر 2026 کی شب عمل میں آئی، جو کلکٹریٹ کی مختصر تاریخ کی اب تک کی سب سے بڑی کارروائی ہے۔مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کالا باغ اور چشمہ کی انفورسمنٹ ٹیموں نے پنجاب پولیس کے ساتھ قریبی رابطہ کاری اور ڈپٹی کلکٹر (انچارج) جناب جواد کی نگرانی میں متعلقہ مقام پر ایک تیز رفتار اور انٹیلی جنس کی بنیاد پر چھاپہ مارا۔مذکورہ مقام ڈیجیٹل انفورسمنٹ اسٹیشن (DES) کالا باغ سے تقریباً 1 سے 2 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع تھا۔کارروائی کے دوران *ایسیٹیٹ ٹو کے 45 بنڈلز، جن کا مجموعی وزن تقریباً 9,200 سے 10,000 کلوگرام تھا، *جبکہ *تمباکو کے 50 سے 60 پارسلز، جن کا وزن تقریباً 1,400 کلوگرام تھا، *برآمد کیے گئے۔برآمد شدہ سامان کی مجموعی تخمینہ شدہ مالیت 68* کروڑ روپے ہے۔تمام ضبط شدہ سامان بحفاظت میانوالی منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 28

چیت اور آئین پر عمل درآمد ہے، ہمیں مل کر مسائل سے نکلنے کا سوچنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی سیاسی جماعتوں کو مل کر بیٹھنا اور فیصلہ کرنا ہوگا۔

بقیہ 29

میں بالائی اضلاع میں معمول سے زیادہ بارش اور برف باری کا امکان ہے، شدید برف باری کے باعث بالائی اضلاع کی سڑکیں بند ہونے کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔موسمِ سرما میں ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پی ڈی ایم اے متحرک ہے جبکہ پی ڈی ایم اے نے موسمِ سرما کے لیے جامع حفاظتی منصوبہ بھی تیار کر لیا ہے۔

بقیہ 30

کمیشن (جے آئی سی) کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔نائب وزیراعظم ترکمانستان کے وزیر خارجہ کے ساتھ اس مشترکہ کمیشن کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کریں گے۔جائزہ اجلاس میں مجوزہ ایجنڈے، دوطرفہ معاہدوں اور انتظامی امور سے متعلق تیاریوں پر غور کیا گیا جبکہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، توانائی، علاقائی روابط، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، ٹیکسٹائل، صحت، تعلیم، سیاحت اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو آگے بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے میں مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ اجلاس کے بامقصد اور ٹھوس نتائج یقینی بنانے کے لیے قریبی رابطہ کاری اور جامع تیاریوں کو یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری اقتصادی امور ڈویژن، ترکمانستان میں پاکستان کے سفیر اور وزارت خارجہ سمیت دیگر متعلقہ وزارتوں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 31

جی آپریشنز فیصل کامران نے ایس ایچ او من آباد کو معاملے کی انکوائری کا حکم دیا۔فیصل کامران نے کہا کہ متاثرہ شہری کو ہر ممکن مدد اور تحفظ فراہم کیا جائے۔عدالت میں گواہی دینے والوں کو دھمکانا ناقابل قبول ہے۔شہریوں کا تحفظ اور انصاف کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔تنخواہ کی عدم ادائیگی کی درخواست سے لاعلمی پر ایس ایچ او شادمان کو شوکاز نوٹس جاری ہوا۔ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کی شکایات نظرانداز کرنے والے افسران جوابدہ ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کریں۔

بقیہ 32

کی، جس پر عدالت نے ملزم کا مزید 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔صدر بیرونی پولیس ملزم کو تحویل میں لے کر عدالت سے روانہ ہوئے۔

بقیہ 33

میں صفائی کمپنیوں کے کنٹریکٹ ختم کیے جائیں گے جبکہ ان علاقوں میں ستھرا پنجاب اتھارٹی خود صفائی آپریشن سنبھالے گی۔ذرائع کے مطابق صفائی کمپنیوں کی جانب سے ملازمین کی تنخواہوں میں تاخیر اور صفائی کے ناقص انتظامات کنٹریکٹ منسوخی کی بنیادی وجوہات ہیں۔چاروں ڈویژنز کی کارکردگی پر سورس رپورٹ میں بھی تشویش کا اظہار کیا گیا تھا۔ذرائع کے مطابق منسوخ کیے جانے والے کنٹریکٹ دوبارہ کسی کمپنی کو نہیں دیے جائیں گے اور متعلقہ علاقوں میں اتھارٹی فوری طور پر اپنا آپریشن شروع کرے گی۔اس سے قبل بھی ستھرا پنجاب اتھارٹی ناقص کارکردگی پر 29 تحصیلوں میں صفائی کمپنیوں کے کنٹریکٹ منسوخ کر چکی ہے۔

بقیہ 34

اور چالان جمع کرانے کی صورتحال بھی زیرِ غور آئے گی۔اجلاس کے ایجنڈے میں جیلوں میں قیدیوں کی تعداد، جیلوں کی صورتحال، گنجائش سے زائد قیدیوں کے مسئلے اور جیلوں میں رش کم کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔پروبیشن اور پیرول پر رہا ہونے والے قیدیوں کے اعداد و شمار، یکم اپریل سے 30 ستمبر 2026ء تک سزا یافتہ اور بری ہونے والے ملزمان کی تفصیلات بھی پیش کی جائیں گی۔صوبے بھر میں لاپتہ خواتین کے مقدمات اور ان کی تلاش کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا، اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کی زیرِ تفتیش انکوائریوں، درج مقدمات اور عدالتوں میں جمع کرائے گئے چالان کی تفصیلات بھی اجلاس میں پیش ہوں گی۔یکم جنوری سے 31 اکتوبر 2026ء تک اینٹی کرپشن مقدمات میں عدالتوں میں پیش ہونے والے گواہوں کے اعداد و شمار بھی زیرِ غور آئیں گے۔

بقیہ 35

کر 3 کروڑ روپے (30 ملین) کر دی۔وزارتِ خزانہ نے کرنسی ٹرانزیکشن رپورٹس (سی ٹی آر) کی حد میں تبدیلی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔نئے ضوابط کے مطابق بینکوں اور دیگر متعلقہ مالیاتی اداروں کو 3 کروڑ روپے یا اس سے زائد کی نقد ٹرانزیکشنز کی اطلاع فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) کو دینا لازمی ہوگا۔اس تبدیلی کی منظوری نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی برائے اینٹی منی لانڈرنگ و انسداد دہشت گردی فنانسنگ نے دی ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق یہ اقدام مشکوک ٹرانزیکشن رپورٹس (STRs) اور کرنسی ٹرانزیکشن رپورٹس کے جائزے اور تجزیے کے حکومتی فریم ورک کا حصہ ہے۔

بقیہ 36

میں لگائے گئے الزامات پر معافی مانگیں اور ایکس سمیت سوشل میڈیا سے بے بنیاد الزامات والی پوسٹیں ڈیلیٹ کریں۔نوٹس کے مطابق مریم نواز تحریری یقین دہانی کروائیں کہ آئندہ اس نوعیت کے ہتک آمیز الزامات نہ تو دہرائیں گی، نہ شائع کریں گی اور نہ ہی انہیں کسی دوسرے ذریعے سے پھیلائیں گی۔قانونی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ اگر 7 روز میں معافی نہ مانگی گئی تو مرکزی مسلم لیگ قانونی کارروائی کا حق رکھتی ہے۔قانونی نوٹس مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو کی ہدایات پر ایڈووکیٹ محمد عامر حبیب کی جانب سے جاری کیا گیا، جس میں کہا گیا ہے کہ مرکزی مسلم لیگ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں باقاعدہ رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے۔مریم نواز نے اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ ایکس (ٹوئٹر) اور الیکٹرانک میڈیا پر مرکزی مسلم لیگ کو 'غیر قانونی پارٹی' اور 'دہشت گرد پارٹی' قرار دیا، یہ الزامات ہیں۔نوٹس کے مطابق مرکزی مسلم لیگ نے 2024 کے عام انتخابات میں پارٹی کے انتخابی نشان 'کرسی' پر حصہ لیا، جبکہ 8 نومبر 2026 کو حلقہ این اے 77 گوجرانوالہ کے ضمنی انتخاب میں دوسری بڑی جماعت کے طور پر سامنے آئی۔مرکزی مسلم لیگ نے قانونی نوٹس کے ذریعے مریم نواز سے معافی مانگنے اور آئندہ کسی بھی قسم کے الزامات لگانے سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 37

کی جا رہی ہے۔اس سلسلے میں شوگر کے مریض محنت کشوں کو طرزِ زندگی اور خوراک کے حوالے سے بھی ضروری رہنمائی دی جاتی ہے تاکہ وہ شوگر کو کنٹرول کر سکیں۔حاملہ خواتین میں دوران حمل ذیابیطس کی صورت میں ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ کے لیے ضروری طبی سہولیات بھی فراہم کی جا رہی ہیں۔سوشل سکیورٹی ہسپتالوں کے ذریعے رواں سال شوگر میں مبتلا محنت کشوں کو 95.77 ملین روپے مالیت کی انسولین اور شوگر کی ادویات مفت فراہم کی گئی ہیں۔اس کے علاوہ سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ سروسز کے تحت بھی ہر محنت کش کو شوگر کے ٹیسٹ کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر سوشل سکیورٹی ہسپتالوں میں محنت کشوں کو ذیابیطس سے بچاؤ، احتیاطی تدابیر اور مرض پر قابو پانے کے حوالے سے آگاہی فراہم بھی کی گئی۔

بقیہ 38

واعظ کو سیاسی شخصیات کے زمرے میں شامل کرتے ہوئے انہیں کشمیر کے چودھویں میر واعظ کی حیثیت سے متعارف کرایا گیا ہے، جنہوں نے 1990 میں اپنے والد میر واعظ مولوی محمد فاروق کی شہادت کے بعد محض 17 برس کی عمر میں میر واعظ کی دینی ذمہ داریاں سنبھالیں۔اشاعت میں مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے مذاکرات اور پرامن ذرائع اختیار کرنے کے حوالے سے ان کے دیرینہ اور مسلسل موقف کا بھی اعتراف کیا گیا ہے۔

بقیہ 39

واعظ کو سیاسی شخصیات کے زمرے میں شامل کرتے ہوئے انہیں کشمیر کے چودھویں میر واعظ کی حیثیت سے متعارف کرایا گیا ہے، جنہوں نے 1990 میں اپنے والد میر واعظ مولوی محمد فاروق کی شہادت کے بعد محض 17 برس کی عمر میں میر واعظ کی دینی ذمہ داریاں سنبھالیں۔اشاعت میں مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے مذاکرات اور پرامن ذرائع اختیار کرنے کے حوالے سے ان کے دیرینہ اور مسلسل موقف کا بھی اعتراف کیا گیا ہے۔

بقیہ 40

ملوث ہیں، سہیل آفریدی کے بھائی سمیت پی ٹی آئی کے رہنما بھی غیر قانونی سرگرمیوں میں شامل ہیں، سینیٹر خرم ذیشان، سابق صوبائی وزیر آفتاب عالم بھی ملوث تھے، جمعیت علمائے اسلام کے متعدد رہنما بھی غیر قانونی کان کنی میں ملوث ہیں، غیر قانونی کان کنی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ غیر قانون کان کنی میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس ہوگی، صوبے میں سونے کی کان کنی کے تمام لیز منسوخ کیے جا رہے ہیں اور تمام سرگرمیاں فوری طور پر معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔فیصل کریم کنڈی نے ڈیڈ لائن دی کہ سونے کی کان کنی کرنے والے لیز ہولڈر اور ٹھیکیدار ایک ہفتے کے اندر متعلقہ علاقوں سے اپنی بھاری مشینری ہٹا لیں، مشینری نہ ہٹائی گئی تو ایک ہفتے بعد کارروائی ہوگی اور مشینری ضبط ہوگی، پہلے مجسٹریٹ مشینری ضبط کر کے 30 ہزار جرمانہ کرتے تھے جبکہ قانون میں جرمانہ 5 لاکھ روپے ہے، اس کی بھی تحقیقات ہوں گی۔انہوں نے بتایا کہ غیر قانونی مائننگ میں 8 ہزار 350 ٹریکٹر، ٹریکٹر ٹرالیاں، ایک ہزار 730 ہیوی ڈمپرز اور بڑی تعداد میں مزدور استعمال ہو رہے تھے، کوہاٹ میں معدنیات کے دو بلاکس سی اور ڈی ہیں جبکہ ایک مائننگ بلاک 4 ارب 92 کروڑ روپے کی لیز پر دیا گیا تھا۔گورنر خیبرپختونخوا نے کہا غیر قانونی کان کنی سے حاصل ہونے والی رقم کا بڑا حصہ افغانستان منتقل ہو رہا تھا اور یہ پیسہ دہشتگردی اور پاکستان کے خلاف استعمال کیا جا رہا تھا، غیر قانونی مائننگ کرنے والے عناصر دہشتگردوں کو بھتہ دیتے اور ان سے تحفظ حاصل کرتے تھے۔انہوں نے بتایا کہ کوہاٹ میں غیر قانونی گولڈ مائننگ کے خلاف بڑا آپریشن کیا گیا اور اس دوران پولیس نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے غیر قانونی کان کنی کا سلسلہ ختم کیا تاہم آپریشن کے بعد واپس آنے والی پولیس فورس پر فتنہ الخوارج نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں ایک ڈی ایس پی اور 10 پولیس اہلکار شہید ہوئے، پولیس نے جوابی کارروائی میں 11 خوارج کو ہلاک کیا۔گورنر خیبرپختونخوا نے انکشاف کیا کہ کوہاٹ کے دو بلاکس میں 8 ہزار 350 ٹریکٹر، 3 ہزار 660 ایکسکیویٹر اور 1600 ڈمپر استعمال ہو رہے تھے، غیر قانونی مائننگ سے حاصل ہونے والی رقم کا 80 فیصد افغانستان منتقل کیا جا رہا تھا، جبکہ ہر ماہ 90 کلوگرام تک سونا نکالا جا رہا تھا۔خوارجی کمانڈر مقامی افراد سے 8 لاکھ روپے جبکہ غیر مقامی افراد سے 40 لاکھ روپے تک بھتہ وصول کرتے تھے، غیر قانونی کان کنی کے خلاف کارروائی کے دوران پولیس اہلکاروں پر فتنہ الخوارج نے حملہ بھی کیا، جن عناصر نے ماضی میں سکیورٹی اہلکاروں کو شہید کیا، ان کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی اختیار کی جائے گی، غیر قانونی کان کنی اور معدنی وسائل کی غیر قانونی ترسیل روکنے کے لیے چیکنگ مزید سخت کی جائے گی۔

بقیہ 41

انتظامیہ کے مطابق کھلے مین ہولز کو ڈھانپنے کا مقصد حادثات کی روک تھام اور شہریوں کی محفوظ آمد و رفت یقینی بنانا ہے۔شہریوں، بالخصوص بچوں اور پیدل چلنے والوں کا تحفظ اس مہم کا بنیادی مقصد ہے، جبکہ مین ہولز کو محفوظ بنانے کے لیے معیاری اور مضبوط ڈھکن نصب کیے جا رہے ہیں۔انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں کھلے یا غیر محفوظ مین ہولز کی نشاندہی کر کے مہم کو کامیاب بنائیں۔اس سلسلے میں شہری ضلعی انتظامیہ کی ہیلپ لائن 051-9108084 پر اطلاع دے سکتے ہیں۔

بقیہ 42

روحانی روابط کو مزید مستحکم کرنا ہے۔اس عالمی مقابلے میں شرکت کیلئے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے 57 رکن ممالک سمیت 11 دیگر ممالک کے ممتاز قراء کرام سے نامزدگیاں طلب کی گئی ہیں، جن میں روس، بوسنیا و ہرزیگووینا، بھارت، چین، ایتھوپیا، فلپائن، جرمنی، تنزانیہ، فرانس، کینیا اور مالدیپ شامل ہیں۔ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق اب تک 31 ممالک سے نامزدگیاں موصول ہو چکی ہیں، جبکہ شریک قراء کرام کے ویزوں کا اجرا بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔مصر اور ایران سے ممتاز اساتذہ بطور ججز مقابلے میں شرکت کریں گے، جبکہ پاکستان کی نمائندگی معروف بین الاقوامی قاری سید صداقت علی کریں گے۔مقابلے کے کامیاب انعقاد کے لیے سفری، انتظامی اور لاجسٹک انتظامات بھی مکمل کر لئے گئے ہیں۔یہ بین الاقوامی مقابلہ قرآن کریم کی تلاوت کے اعلیٰ فن کے فروغ، قرآنی علوم سے وابستگی اور مختلف ممالک کے قراء کرام کے درمیان علمی و فنی تبادلے کا اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔اس کے ذریعے اسلامی ثقافت و روایات کے فروغ کے ساتھ امت مسلمہ میں امن، اتحاد، اخوت اور بھائی چارے کی مشترکہ اقدار کو بھی اجاگر کیا جائے گا۔پاکستان کیلئے یہ اعزاز ہے کہ وہ عالمی سطح پر قرآن کریم کی خدمت اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے مختلف ممالک کے ممتاز قراء کرام کی میزبانی کر رہا ہے، جبکہ یہ عالمی اجتماع پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے اور بین الاقوامی سطح پر دینی و ثقافتی روابط کو مزید مضبوط بنانے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 43

لیے جسمانی ریمانڈ دیا جائے۔عدالت نے ملزمان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے انہیں جوڈیشل کرنے کا حکم دیا، تاہم 50، 50 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکوں کے عوض دونوں ملزمان کی ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ 44

این سی سی آئی اے اسلام آباد سے رجوع کیا، شکایت موصول ہونے پر این سی سی آئی اے اسلام آباد نے فوری کارروائی شروع کی اور پیشہ ورانہ مہارت، جدید تفتیشی طریقوں اور مسلسل رابطہ کاری کے ذریعے فراڈ میں ملوث عناصر کا سراغ لگایا۔مؤثر حکمت عملی اور بروقت اقدامات کے نتیجے میں متاثرہ شہری کی مکمل 12 لاکھ روپے کی رقم برآمد کر کے اسے واپس دلوا دی گئی، جس پر متاثرہ شہری نے این سی سی آئی اے کی کاوشوں کو سراہا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کا یہ کہنا تھا کہ این سی سی آئی اے شہریوں کو مالی فراڈ سے تحفظ فراہم کرنے، فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور متاثرین کی رقوم کی واپسی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔این سی سی آئی اے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی مشکوک کال، میسج یا آن لائن پیشکش پر اعتماد کرنے سے پہلے تصدیق ضرور کریں اور کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں۔

بقیہ 45

کا انعقاد ہوا۔میٹنگ میں ادارے کے انتظامی امور کو مزید مؤثر اور فعال بنانے، ہیڈکوارٹرز کے امور میں بہتری، افسران کی ذمہ داریوں کی واضح تقسیم اور مختلف انتظامی شعبہ جات کی کارکردگی کو مربوط بنانے سے متعلق اہم امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔میٹنگ کے دوران ادارے کے مجموعی انتظامی ڈھانچے، دفتری نظم و نسق، ریکارڈ کی بروقت تکمیل، افسران و اہلکاروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکاء نے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی اور درپیش انتظامی چیلنجز کے حوالے سے ڈائریکٹر جنرل کو آگاہ کیا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے ادارہ جاتی نظم و ضبط، پیشہ ورانہ استعداد اور انتظامی معاملات میں مؤثر حکمت عملی پر احکامات جاری کیے۔انہوں نے ہدایت کی کہ تمام انتظامی امور کو بروقت، شفاف اور مربوط انداز میں مکمل کیا جائے، افسران اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں اور ٹیم ورک کے ذریعے ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ این سی سی آئی اے عوام کو بہتر اور بروقت خدمات فراہم کر سکے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس 15 نومبر 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروس اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔آئیسکو کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / کنسٹرکشن ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم سرکلز اور جی ایس او سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔بروز اتوار، 15 نومبر 2026 کو آئیسکو ریجن کے مختلف علاقوں میں بجلی کی ضروری مرمت، دیکھ بھال اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں درج ذیل فیڈرز اور علاقوں کی بجلی عارضی طور پر بند رہے گی۔اسلام آباد سرکل صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: اسلام آباد کلب-1 اور 2، فلٹریشن پوائنٹ، سی ڈی اے پمپ فیڈر۔صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: شکر پڑیاں، پی ٹی وی G-6/3، کوہسار مارکیٹ، این پی سی سی، میلوڈی، اسپورٹس کمپلیکس، کنونشن سینٹر۔راولپنڈی سٹی سرکل صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: تھماسب آباد، ڈھوک حکم داد، سیکٹر 4، اے پی ایچ ایس، کمیٹی چوک، سٹی، گوالمنڈی، موہن پورہ، اقبال روڈ-II، ڈی ایچ کیو، صرافہ بازار، جناح روڈ، ظفر الحق روڈ، اقبال روڈ، کشمیر روڈ، آریہ محلہ فیڈرز۔راولپنڈی کینٹ سرکل صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: سیکٹر-IV، اے پی ایس، چکلالہ، ایم ای ایس، رحمت آباد-1، تکبیر-I، II، III، اے او ڈبلیو ایچ ایس، راولپنڈی-3، وی آئی پی، آر سی آئی-X، کشمیر روڈ اور اے ایف آئی سی فیڈرز۔صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک: نیو جی ایچ کیو فیڈر۔صبح 7 بجے سے دوپہر 12 بجے تک: بسالی، پنڈ جھٹلہ، اسلام آباد فیڈمل، انڈسٹریل، پی اے ای سی ایچ ایس، ایچ پی ٹی-3۔صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے تک: کیو پراجیکٹ، بینک روڈ-II، آدم جی روڈ، سرسید روڈ، خادم حسین اور سی جی ایچ فیڈرز۔جہلم سرکل صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: عباس پورہ، ایف-7 (کچہری)، اجمل شہید، فتح پور، کھوہر۔چکوال سرکل صبح 7 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: دھارابی فیڈر۔جی ایس او سرکل صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: پولی کلینک، اسٹیٹ بینک فیڈر۔صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک: پارلیمنٹ ہاؤس، ایف پلانٹ، فرنٹیئر ہاؤس، ایمبیسی، پاک سیٹ-2، پارلیمنٹ لاجز، ایوانِ صدر، وزیراعظم ہاؤس، اسلام آباد کلب-II، ڈی ایچ کیو، جھنڈا، آریہ محلہ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں عارضی تعطل آئے گا۔آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے۔صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk / آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO Updates)، ٹوئٹر / X اکاؤنٹ (IESCO Official Pk) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 46

بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 2 افغان شہری بھی شامل تھے جبکہ میر علی اور دتہ خیل میں بھی 2، 2 خوارج مارے گئے۔آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے 2 بہادر جوانوں حوالدار عصمت علی اور نائیک آفتاب علی نے جام شہادت نوش کیا۔43 سالہ حوالدار عصمت علی شہید کا تعلق ضلع صوابی اور 32 سالہ نائیک آفتاب علی شہید کا تعلق ضلع مردان سے تھا، دونوں جوانوں نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق ان کارروائیوں کے دوران خوارج کے نیٹ ورک کو بڑا دھچکا پہنچا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ہلاک خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، یہ ہلاک خوارج معصوم شہریوں کے قتل سمیت متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے جبکہ علاقے میں موجود باقی ماندہ خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری رہیں گے۔آئی ایس پی آر نے کہا کہ عزمِ استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، جوانوں کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

بقیہ 47

فرانسسکو اور بوسٹن کے ہوائی اڈوں کے مطابق بحرالکاہل اور بحر اوقیانوس کے پار جانے والی پروازوں کو روانگی کی اجازت دے دی گئی ہے۔امریکی وفاقی محکمہ ہوابازی نے بتایا کہ تکنیکی ماہرین خرابی کی تحقیقات کر رہے ہیں۔امریکی فضائی کمپنی جیٹ بلیو نے اعلان کیا ہے کہ نیویارک کے جان ایف کینیڈی اور بوسٹن ہوائی اڈوں سے یورپ جانے والی پروازوں کے علاوہ شام کی باقی تمام پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔کمپنی کے مطابق کل بھی مزید پروازیں منسوخ ہونے کا خدشہ ہے، تاہم جو پروازیں پہلے ہی فضا میں موجود ہیں وہ اپنی منزلوں کی جانب سفر جاری رکھیں گی۔امریکا میں جنوری 2023 کے بعد پہلی مرتبہ ملک گیر سطح پر پروازوں کی روانگی روکنے کا اقدام کیا گیا ہے۔اس سے قبل جنوری 2023 میں امریکی وفاقی محکمہ ہوا بازی کے ایک اہم کمپیوٹر نظام میں خرابی کے باعث فضائی آپریشن متاثر ہوا تھا، جبکہ اس سے پہلے 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں کے بعد ملک بھر میں پروازیں روک دی گئی تھیں۔

بقیہ 48

حصہ لیتے ہوئے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی۔زخمیوں کو مزید علاج معالجے کے لیے ٹی ایچ کیو ہسپتال چوآ سیدن شاہ منتقل کر دیا گیا، جہاں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال بھی موجود ہیں۔واقعے کی حسبِ ضابطہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 49

کمشنر کامونکے، رانا محمد شفیق کو اسسٹنٹ کمشنر شجاع آباد، محمد فرقان کو اسسٹنٹ کمشنر دریا خان، احمد شیر کو اسسٹنٹ کمشنر جنڈ، سہیل خان کو اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں، صفت اللہ کو اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ، شبانہ نذیر کو اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ، ثنا اللہ کو اسسٹنٹ کمشنر حاصل پور، طارق محمود گل کو اسسٹنٹ کمشنر عارف والا، فیضان احمد کو اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ، عبدالزمان کو اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی، انعم اکرم کو اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر بہاولپور جبکہ احمد شیر کو اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 50

مریض کا تعلق ڈھوک امب، سوہاوہ، چکوال روڈ سے تھا، جسے پازیٹو (A Positive) خون مہیا کیا گیا۔تھیلیسیمیا کے مریضوں کو باقاعدگی سے خون کی ضرورت رہتی ہے اور خصوصاً نایاب بلڈ گروپس کی دستیابی ایک بڑا چیلنج ہوتی ہے، ایسے میں بلڈ بینک کی جانب سے بلا معاوضہ خون کی فراہمی کسی نعمت سے کم نہیں۔قاضی امتنان کی زیرِ سرپرستی جاری اس فلاحی سلسلے کا بنیادی مقصد مستحق مریضوں کو بروقت خون کی دستیابی یقینی بنانا اور انسانی زندگیوں کو بچانے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ان کی انفرادی کاوشوں اور بلڈ بینک کی خدمات سے نہ صرف گوجر خان بلکہ گرد و نواح کے علاقوں سے آنے والے مریض بھی مستفید ہو رہے ہیں۔عوامی و سماجی حلقوں نے قاضی امتنان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ تھیلیسیمیا جیسے موذی مرض میں مبتلا بچوں اور ان کے خاندانوں کو مسلسل تعاون کی ضرورت ہے، مخیر حضرات کو بھی چاہیے کہ وہ اس کارِ خیر میں اپنا حصہ ڈالیں تاکہ کسی مستحق مریض کو خون کی عدم دستیابی کے باعث مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 51

سردار ایاز صادق نے کہا کہ جب 28 ویں آئینی ترمیم کا مسودہ سامنے آئے گا تو اس کے مندرجات کا علم ہوگا، اس سے پہلے وہ ترمیم کے اچھے یا برے ہونے کے حوالے سے کوئی رائے نہیں دیں گے۔اس معاملے میں سپیکر کا کردار مختلف نوعیت کا ہے، وزارت پارلیمانی امور کی جانب سے مسودہ آنے کے بعد ہی وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔حکومتی شخصیات کی ذمہ داریوں سے متعلق سوال پر سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ حکومت میں ہر شخص اپنی اپنی ذمہ داری ادا کر رہا ہے، محسن نقوی کو جو ذمہ داری دی جاتی ہے وہ اس پر کام کرتے ہیں۔چودھری سالک حسین کے بیان سے متعلق سوال پر سردار ایاز صادق نے کہا کہ اس طرح کے الزامات لگتے رہتے ہیں، ڈاکٹر کا بیٹا ڈاکٹر ہو تو اس پر کوئی اعتراض نہیں کرتا لیکن سیاست دان کو موروثی سیاست کے طعنے دیئے جاتے ہیں۔محسن نقوی اور بلاول بھٹو کے ری سیٹ سے متعلق بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ ہر کسی کی اپنی سوچ ہوتی ہے تاہم میری سوچ کے مطابق بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود رہتی ہے۔

بقیہ 52

صفائی ہے، منصوبے سے دیہی سندھ میں بچوں میں اسٹنٹنگ کی بنیادی وجہ کا خاتمہ ہوگا۔کنٹری ڈائریکٹر عالمی بینک نے سندھ کے دیہی علاقوں میں پانی کی فراہمی کے منصوبے میں تعاون جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 53

کے مطابق فرد برائے ریکارڈ، فرد برائے فروخت، لین دین، منظور شدہ انتقال کی نقل، گرداوری کی نقل، ای رجسٹری، رجسٹری برائے خریدار، رجسٹری برائے فروخت کنندہ جیسی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 54

ذائد رکشے، موٹر سائیکلیں اور کاریں آن لائن سفری سروسز سے منسلک ہیں، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کریمنل ریکارڈ رکھنے والے ڈرائیورز کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے کمپنیوں کو گاڑیوں میں ڈیش کیم اور ٹریکر نصب کرنے جبکہ تمام رائیڈ ہیلنگ گاڑیوں میں وزیراعلیٰ پنجاب کیو آر پینک بٹن کی تنصیب جلد مکمل کرنے کا حکم دیا۔انہوں نے واضح کیا کہ حفاظتی اور سکیورٹی فیچرز نہ اپنانے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔سی ٹی او نے بتایا کہ لاہور ٹریفک پولیس نے 10 ہزار کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کیا جن میں سے 2 ہزار 50 ڈرائیورز کا مجرمانہ ریکارڈ سامنے آیا اور ان کے خلاف 3 ہزار 700 مقدمات درج تھے۔انہوں نے کہا کہ جدید کیمرہ اور ٹریکنگ سسٹم سے شہریوں کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور حادثات کی تحقیقات میں مدد ملے گی جبکہ ٹیکنالوجی کے استعمال سے محفوظ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 55

کنندہ کو بھی مخصوص وظائف کے ذریعے مسائل حل کرنے اور دو موکل فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی، جس پر انہوں نے مختلف اوقات کے دوران مختلف بینک اکاؤنٹس میں مجموعی طور پر 25 لاکھ روپے منتقل کیے، فراڈ کا علم ہونے پر خاتون نے این سی سی آئی اے سے رجوع کیا، جس پر کراچی زون نے فوری تحقیقات شروع کرتے ہوئے پیشہ ورانہ کوششوں کے نتیجے میں متاثرہ خاتون کی مکمل 25 لاکھ روپے کی رقم ریکور کروا دی، واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا اس فراڈ کے ذریعے دیگر خواتین کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔

حنیف عباسی سے طارق فضل چوہدری کی ملاقات، باہمی دلچسپی اور ملکی و پارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور ملکی و پارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزارت ریلوے کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزارتِ ریلوے میں ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان ریلوے میں جاری اصلاحاتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے میں ڈیجیٹلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور آپریشنل نظام کی بہتری کے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے کی آمدن میں اضافہ، خسارہ میں کمی اور مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ 100 ارب روپے سے زائد آمدن حاصل کی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت پاکستان ریلوے رواں مالی سال میں 160 ارب روپے آمدن کا ہدف حاصل کرے گی۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے کو مالی طور پر مستحکم، جدید اور منافع بخش ادارہ بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

اسحاق ڈار کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس

جے آئی سی کے آئندہ اجلاس کے بامقصد اور ٹھوس نتائج یقینی بنانے کے لیے قریبی رابطہ کاری اور جامع تیاریوں کو یقینی بنایا جائے

نائب وزیراعظم کی ہدایت، پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے میں مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی ہے کہ جے آئی سی کے آئندہ اجلاس کے بامقصد اور ٹھوس نتائج یقینی بنانے کے لیے قریبی رابطہ کاری اور جامع تیاریوں کو یقینی بنایا جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس میں پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی (بقیہ نمبر 3 0)

قتل کے مقدمے میں سچی گواہی پر دھمکیاں، شہری کی شکایت

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کا ایس ایچ او سمن آباد کو معاملے کی انکوائری کا حکم دیدیا

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہر میں مختلف نوعیت کی شکایات پیش ہوئیں۔ قتل کے مقدمے میں سچی گواہی پر دھمکیاں ملنے والا شہری ڈی آئی جی آپریشنز کی کھلی کچہری میں پہنچ گیا۔ شہری نے کہا کہ وقوعہ دیکھا نہیں، عدالت میں سچ بولا تو مدعی مقدمہ دشمن بن گئے۔ ڈی آئی (بقیہ نمبر 3 1)



کراچی: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال الائیڈ ہیلتھ پروفیشنز کونسل کے سندھ ریجنل آفس کے افتتاح کے موقع پر تختی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں

چار ڈویژنز کی صفائی کمپنیوں کے کنٹریکٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ

وہاں ستھرا پنجاب اتھارٹی سیلف آپریشن فوری شروع کرے گی، ذرائع

لاہور (این این آئی) ستھرا پنجاب پروگرام میں ناقص کارکردگی اور صفائی کے انتظامات میں غفلت پر چار ڈویژنز کی صفائی کمپنیوں کے کنٹریکٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور ملتان ڈویژنز کی متاثرہ تحصیلوں (بقیہ نمبر 3 3)

بینکوں کیلئے کیش ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ کی نئی حد مقرر کردی گئی

کرنسی ٹرانزیکشن رپورٹس کی حد میں تبدیلی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) بینکوں کے لیے کیش ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ کی نئی حد مقرر کردی گئی، جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی حکومت نے اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت بینکوں اور دیگر مالیاتی اداروں کے لیے نقد لین دین (کیش ٹرانزیکشن) کی رپورٹنگ کی حد 2 کروڑ روپے (20 ملین) سے بڑھا (بقیہ نمبر 3 5)

کراچی: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال الائیڈ ہیلتھ پروفیشنز کونسل کے سندھ ریجنل آفس کا افتتاح کر رہے ہیں



کراچی: بنیٹی جیٹی سمندر پر سائبریا کے مہمان پرندے خوراک تلاش کر رہے ہیں

اسلام آباد میں کھلے مین ہولز پر ڈھکن لگانے کی مہم شروع

مین ہولز کو محفوظ بنانے کے لیے معیاری اور مضبوط ڈھکن نصب کیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ضلعی انتظامیہ اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں کھلے مین ہولز پر ڈھکن نصب کرنے کے لیے خصوصی مہم شروع کر دی ہے، جس کے تحت شہر بھر میں بغیر ڈھکن مین ہولز کی نشاندہی کے لیے سروے مکمل کر لیا گیا ہے۔ سروے کے دوران نشاندہی کیے گئے 142 سے زائد کھلے مین ہولز پر ڈھکن نصب کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلعی (بقیہ نمبر 4 1)

مقابلہ حسن قرات 24 نومبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اب تک 31 ممالک سے ممتاز قراء کرام کی نامزدگیاں موصول ہو چکی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) دوسرا بین الاقوامی مقابلہ حسن قرآت کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہو گئی ہیں اور اب تک 31 ممالک سے ممتاز قراء کرام کی نامزدگیاں موصول ہو چکی ہیں۔ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے زیر اہتمام یہ عالمی مقابلہ 24 سے 26 نومبر 2026ء تک اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس کا مقصد قرآن کریم کی تعلیمات، پیغام ہدایت اور فن قرات کے فروغ کے ساتھ عالم اسلام کے مابین دینی و(بقیہ نمبر 4 2)



کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان ٹی ایم سی گلشن اقبال کے تحت یونین کونسل 8، بلاک 19 میں مسجد صدیق اکبر چوک پر ماڈل محلے کا افتتاح کر رہے ہیں

اینکر ربیعہ قتل کیس، ملزم احسن طاہر کا مزید 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سے تعلق رکھنے والی اینکر ربیعہ احسن طاہر کے مبینہ قتل کیس میں ملزم احسن طاہر کا مزید 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا گیا۔ ملزم احسن طاہر کو 4 روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد سینئر سول جج کریمنل ڈویژن محمد نصر اللہ وٹو کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ پولیس نے عدالت سے ملزم کے 7 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا (بقیہ نمبر 3 2)

17 سالہ لڑکی سے نازیبا حرکات کرنے والے دونوں ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) مندرہ پولیس نے 17 سالہ لڑکی سے نازیبا حرکات کرنے اور ویڈیو بنا کر بلیک میل کرنے والے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مدعی مقدمہ نے پولیس کو بتایا کہ ملزمان نے اس کی بیٹی سے نازیبا حرکات کیں اور اس کی ویڈیو بنا کر بلیک میل کیا۔ مندرہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے دونوں نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

لاہور ہائیکورٹ کی صوبائی جوڈیشل کمیٹی کا اجلاس 19 نومبر کو طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں صوبائی جوڈیشل کمیٹی کا اجلاس 19 نومبر کو طلب کر لیا گیا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم اجلاس کی صدارت کریں گی۔ اجلاس میں گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ یکم اپریل سے 30 ستمبر 2026ء تک درج ہونے والے مقدمات کی ایف آئی آرز (بقیہ نمبر 3 4)

خوارج کے ٹھکانوں پر کارروائیاں، 16 دہشتگرد ہلاک، 2 جوان شہید

ہلاک خوارج معصوم شہریوں کے قتل سمیت متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے

ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گرد و نواح میں کارروائیوں کے دوران 16 خوارج ہلاک کر دیئے، دو جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، ہلاک خوارج معصوم شہریوں کے قتل سمیت متعدد دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق خوارج کے ٹھکانوں پر کارروائیوں کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں گزشتہ 12 گھنٹوں میں 16 خوارج ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علی خیل میں 12 خوارج مارے گئے، ان ہلاک خوارج میں (بقیہ نمبر 4 6)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو کی شہریوں سے ملاقات، مسائل کے حل کی ہدایت

چکوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر یونیو محمد شہاب اسلم نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے عوامی مسائل سنے۔ اس موقع پر انہوں نے درخواستوں اور شکایات کے بروقت اور میرٹ پر حل کے لیے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا۔ شہری اپنے مسائل کے حل کے لیے سرکاری دفاتر میں تشریف لائیں تاکہ انہیں فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

وادی تو برموڑ پر سیاحوں کی گاڑی کو حادثہ، 35 افراد معمولی زخمی

چکوال (این این آئی) وادی تو برموڑ، کھیوڑہ ضلع جہلم کے مقام پر سیاحوں کی گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں 30 سے 35 افراد معمولی زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیاحوں کا ایک ٹور کٹاس راج، چوآسیدن شاہ کی جانب آ رہا تھا کہ وادی تو برموڑ، کھیوڑہ کے مقام پر حادثے کا شکار ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایس ڈی پی او چوآسیدن شاہ سرکل اور تھانہ چوآسیدن شاہ پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے اور ریسکیو آپریشن میں (بقیہ نمبر 4 8)



لاہور: ورلڈ بینک کا وفد وزیراعلیٰ پنجاب اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت لاہور میں بننے والے گھروں کا دورہ کر رہا ہے

امریکا میں مواصلاتی نظام کی خرابی، فضائی آپریشن معطل

پروازیں منسوخ، نائن الیون اور جنوری 2023 کے بعد تیسری بار ملک گیر فضائی تعطل

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا میں فضائی ٹریفک کنٹرول کے مواصلاتی نظام میں خرابی کے باعث ملک بھر میں ہوائی اڈوں سے روانہ ہونے والی پروازوں کو عارضی طور پر روک دیا گیا۔ امریکی فضائی ضابطہ کار ادارے نے مشرقی امریکی وقت کے مطابق سہ پہر 3 بج کر 54 منٹ پر ملک گیر سطح پر پروازوں کی روانگی روکنے کا حکم جاری کیا۔ تاہم سان (بقیہ نمبر 4 7)

20 اسسٹنٹ کمشنرز کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

مہوش ارشاد اسسٹنٹ کمشنر بھیرہ، احمد شیر اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 20 اسسٹنٹ کمشنرز کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مہوش ارشاد کو اسسٹنٹ کمشنر بھیرہ، محمد اقبال کو اسسٹنٹ کمشنر پاکپتن، رشدہ شرافت کو اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ، سعد رحمان کو اسسٹنٹ کمشنر حضرو، اسفندیار کو اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی کینٹ، اکبر درانی کو اسسٹنٹ کمشنر منڈی بہاؤالدین، زرغونہ خالد کو اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار، حمزہ ریاض کو اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 4 9)

بلڈ بینک کی جانب سے بلامعاوضہ خون کی فراہمی کسی نعمت سے کم نہیں

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان میں تھیلیسیمیا کے دو مزید بچوں کو مفت خون فراہم، قاضی امتنان کی فلاحی خدمات جاری

تھیلیسیمیا کے مریضوں کو باقاعدگی سے خون کی ضرورت رہتی ہے اور خصوصاً نایاب بلڈ گروپس کی دستیابی ایک بڑا چیلنج ہوتی ہے



ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی مصطفیٰ ڈار، پارلیمانی سیکرٹری ضیاء اللہ شاہ پاسنگ آؤٹ کے موقع پر قومی نمایاں ریسکیورز میں یادگاری شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان میں قائم بلڈ بینک کے بانی و سرپرست قاضی امتنان کی خصوصی کاوشوں سے تھیلیسیمیا کے دو مزید مریض بچوں کو مفت خون فراہم کر دیا گیا، جس سے مستحق مریضوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی کے ساتھ ان کے اہل خانہ کو بھی بڑی پریشانی سے نجات ملی۔ فراہم کیے جانے والے خون میں ایک 20 سالہ بچی کا تعلق نواحی علاقے مانکیالہ مسلم سے تھا، جسے انتہائی نایاب بلڈ گروپ او نیگیٹو (O Negative) فراہم کیا گیا، جبکہ دوسرے (بقیہ نمبر 5 0)

عراق نے خام تیل کی برآمد کیلئے شام کا زمینی راستہ دوبارہ کھول دیا

بغداد (اے ایف پی) آبنائے ہرمز میں ایران جنگ کے باعث پیدا ہونے والی رکاوٹوں کے بعد عراق نے خام تیل کی برآمد کے لیے کئی دہائیوں سے تقریباً غیر فعال شام کا زمینی راستہ دوبارہ استعمال کرنا شروع کر دیا جس کے تحت سینکڑوں آئل ٹینکرز کے ذریعے روزانہ لاکھوں بیرل تیل شام کی بندرگاہ تک پہنچایا جا رہا ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق عراق کے جنوبی شہر بصرہ کے قریب تیل کے ایک ذخیرہ مرکز کے باہر سینکڑوں ٹینکر ٹرک قطاروں میں کھڑے ہیں۔

سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کیلئے لینڈ ریکارڈ سروسز کا آغاز

ریاض (اے ایف پی) سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کیلئے لینڈ ریکارڈ سروسز کا آغاز کر دیا گیا۔ پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی (پی ایل آر اے) کے مطابق جدہ کے بعد اب ریاض میں بھی پاکستانی قونصلیٹ سے ہی پنجاب میں اپنی زمین کی فرد، انتقال، گرداوری اور ای-رجسٹری کی سہولیات حاصل کریں۔ ریاض میں مقیم پاکستانی قونصلیٹ جا کر پنجاب میں موجود اپنی اراضی کی درج ذیل سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 5 3)



لاہور کمشنر لاہور ڈویژن محمد جہانزیب اعوان، ریونیو کمنر، میونسپل سروسز ستھرا پنجاب اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شیر کے حملے میں جاں بحق نوجوان کے ورثاء نے ملزمان کو معاف کر دیا

قانونی ورثاء نے ملزمان کو اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر معاف کرنے کا تحریری بیان دیدیا

ملزمان نے سنگین جرم کیا، تفتیش کے لیے جسمانی ریمانڈ دیا جائے، سرکاری وکیل

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے کاہنہ میں شیر کے حملے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان طلحہ کے ورثاء نے مقدمے میں گرفتار دونوں ملزمان کو اللہ کی رضا کی خاطر معاف کر دیا۔ ماڈل ٹاؤن کچہری میں جوڈیشل مجسٹریٹ قیصر ریاض نے مقدمے کی سماعت کی، پولیس نے گرفتار ملزمان فیاض احمد اور نعمان حسن کو عدالت میں پیش کرتے ہوئے تفتیش کے لیے سات روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ دوران سماعت مقتول کے قانونی ورثاء بھی عدالت میں پیش ہوئے اور ملزمان کو معاف کرنے کا بیان ریکارڈ کرایا۔ ورثاء نے اپنا بیان حلفی بھی عدالت میں جمع کرایا۔ سرکاری وکیل نے راضی نامے کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزمان نے سنگین جرم کیا ہے، اس لیے تفتیش کے (بقیہ نمبر 4 3)

این سی سی آئی اے اسلام آباد کی مؤثر کارروائی

مالی فراڈ کا شکار شہری کی 12 لاکھ روپے کی مکمل رقم برآمد کر کے واپس دلا دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے اسلام آباد کی مؤثر کارروائی میں مالی فراڈ کا شکار شہری کی 12 لاکھ روپے کی مکمل رقم برآمد کر کے واپس دلا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (NCCIA) اسلام آباد نے مؤثر اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے مالی فراڈ کا شکار شہری کی 12 لاکھ روپے کی مکمل رقم برآمد کر کے واپس دلا دی، متاثرہ شہری کو جھانسہ دے کر مالی فراڈ کا نشانہ بنایا گیا تھا، جس کے بعد اس نے (بقیہ نمبر 4 4)



لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن لاہور میں جدید پختہ الکبری نمائش کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم میٹنگ

پیشہ ورانہ استعداد اور انتظامی معاملات میں مؤثر حکمت عملی پر احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس میں انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ایڈیشنل ڈائریکٹر ایڈمن احسان اللہ چوہان اور اسٹاف آفیسرز کے ساتھ ایک اہم میٹنگ (بقیہ نمبر 4 5)



لاہور سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ ایس ایس پی لیگل) غلام حسین چوہان کو الوداعی تقریب کے موقع پر شیلڈ دے رہے ہیں، ڈی آئی جی ایڈمن عمران کشور بھی موجود ہیں

غیر قانونی کال سینٹرز کیخلاف آپریشن، 154 ملزمان گرفتار

ملزمان جنوبی ایشیائی ممالک کے شہریوں کو ٹرانس نیشنل فراڈ کا نشانہ بناتے تھے

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے راولپنڈی و اسلام آباد نے غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کامیاب آپریشن کرتے ہوئے 154 ملزمان گرفتار کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) راولپنڈی و اسلام آباد نے غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کامیاب آپریشن کرتے ہوئے 3 روز میں 2 غیر قانونی کال سینٹرز بے نقاب کر کے 154 ملزمان گرفتار کر لیے۔ راولپنڈی میں گھر کے اندر چلنے والے کال سینٹر پر چھاپہ مارا گیا، جس کے دوران 11 ملزمان گرفتار کیے گئے، جن میں 10 خواتین اور 1 مرد شامل ہے۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو کارروائی کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کی شکایات سنیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر مقررہ وقت کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

میر واعظ عمر فاروق دنیا کی 5 سو بااثر ترین مسلم شخصیات میں شامل

اسلام آباد (اے ایف پی) بگل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ محمد عمر فاروق کو ایک بار پھر دنیا کی 500 بااثر ترین مسلم شخصیات میں شامل کیا گیا ہے۔ اردن میں قائم رائل اسلامک اسٹریٹجک اسٹڈیز سینٹر (آر آئی ایس ایس سی) کی جانب سے شائع ہونے والی معروف سالانہ اشاعت دی مسلم 500 کے سال 2027ء کے ایڈیشن میں میر واعظ مسلسل تیرہویں مرتبہ اس فہرست میں شامل کیے گئے ہیں۔ اشاعت میں میر (بقیہ نمبر 3 8)

6 افراد گرفتار، 30 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے چھ افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 30 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ چکلالہ، بنی، ٹیکسلا اور گوجر خان کی حدود میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

محنت کشوں کو شوگر کو کنٹرول کرنے کی بہترین سہولیات فراہم

شوگر میں مبتلا محنت کشوں کو 95.77 ملین کی انسولین و شوگر کی ادویات مفت دی گئیں

لاہور (این این آئی) عالمی یوم ذیابیطس۔ ترجمان پیپی کا کہنا تھا کہ پنجاب سوشل سیکورٹی محنت کشوں کو ذیابیطس سے بچاؤ اور اس پر قابو پانے کے لیے طبی سہولیات اور آگاہی فراہم کرنے کے حوالے سے سرگرم عمل ہے۔ سوشل سیکورٹی ہسپتالوں کے ذریعے شوگر میں مبتلا محنت کشوں کو انسولین اور شوگر کی ادویات کی مفت فراہمی جاری ہے۔ مریم نواز ویلنیس سینٹرز میں محنت کشوں کو ذیابیطس سے بچاؤ کے حوالے سے باقاعدگی سے آگاہی فراہم (بقیہ نمبر 3 7)

فریال تالپور کی امتیاز صفدر وڑائچ کی رہائش گاہ آمد

جلد صحتیابی اور سیاسی و سماجی سرگرمیوں میں واپسی کے لیے نیک تمناں کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور نے لاہور میں پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق مملکتی وزیر امتیاز صفدر وڑائچ کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کرتے ہوئے مزاج پرسی کی۔ اس موقع پر فریال تالپور نے امتیاز صفدر وڑائچ کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کی اور نیک تمناں کا اظہار کیا۔ انہوں نے ان کی جلد صحتیابی اور دوبارہ سیاسی و سماجی سرگرمیوں میں واپسی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

غزہ میں سیلاب نے بے گھر فلسطینیوں کی مشکلات مزید بڑھا دیں

غزہ میں سیلاب سے 2 لاکھ 20 ہزار سے زائد افراد براہ راست متاثر ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) غزہ میں سیلاب نے بے گھر فلسطینیوں کی مشکلات مزید بڑھا دیں، دو لاکھ 20 ہزار سے زائد افراد براہِ راست متاثر ہوئے۔ یو میسیف کے مطابق سیلاب سے بے گھر فلسطینیوں کے ہزاروں خیمے تباہ ہوگئے، جس کے باعث ہزاروں خاندان شدید مشکلات کا شکار ہیں، متاثرہ خاندانوں کے لیے موسم سرما کا امدادی (بقیہ نمبر 3 9)

دہشتگرد پارٹی کا الزام مریم نواز کو قانونی نوٹس جاری

مرکزی مسلم لیگ کا قانونی نوٹس میں وزیراعلیٰ پنجاب سے سات روز میں معافی مانگنے، آئندہ الزامات لگانے سے گریز کرنے کا مطالبہ

مریم نواز آئندہ اس نوعیت کے ہتک آمیز الزامات نہ تو دہرائیں گی، نہ شائع کریں گی اور نہ ہی انہیں کسی دوسرے ذریعے سے پھیلائیں گی، مطالبہ

لاہور (اے ایف پی) مرکزی مسلم لیگ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو پارٹی کے خلاف بے بنیاد الزامات عائد کرنے پر قانونی نوٹس بھجوا دیا۔ پارٹی کی جانب سے بھجوائے گئے قانونی نوٹس میں وزیراعلیٰ پنجاب سے 7 روز کے اندر معافی مانگنے، سوشل میڈیا پوسٹیں حذف کرنے اور آئندہ ایسے الزامات سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ قانونی نوٹس میں مریم نواز سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ 7 روز (بقیہ نمبر 3 6)

سونے کی کان کنی کی تمام سرگرمیاں فوری معطل کرنے کا اعلان

غیر قانونی کان کنی میں 12 سیاست دان ملوث ہیں، سہیل آفریدی کے بھائی سمیت پی ٹی آئی کے رہنما بھی غیر قانونی سرگرمیوں میں شامل ہیں

سینیٹر خرم ذیشان، سابق صوبائی وزیر آفتاب عالم بھی ملوث تھے، جمعیت علمائے اسلام کے متعدد رہنما بھی غیر قانونی کان کنی میں ملوث ہیں

غیر قانونی کان کنی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی پریس کانفرنس

پشاور (اے ایف پی) وزیر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے میں سونے کی کان کنی کی تمام سرگرمیاں فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر قانونی مائننگ کے خلاف کارروائی کے دوران انکشاف ہوا کہ ہر ماہ تقریباً 9 کلو گرام سونا نکالا جا رہا تھا جبکہ اس غیر قانونی کاروبار سے حاصل ہونے والی رقم کا بڑا حصہ افغانستان منتقل کیا جا رہا تھا۔ غیر قانونی کان کنی میں 12 سیاست دان (بقیہ نمبر 4 0)

پاکستانی نوجوان کی محبت میں اٹلی کی لڑکی جہلم پہنچ گئی

جہلم (این این آئی) اٹلی سے تعلق رکھنے والی جیسمین نامی لڑکی اسلام قبول کر کے پاکستانی نوجوان سے شادی کیلئے جہلم پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق اطالوی لڑکی جیسمین اور جہلم کے رہائشی پاکستانی نوجوان حیدر کی دوستی سوشل میڈیا کے ذریعے ہوئی، جو وقت گزرنے کے ساتھ محبت میں بدل گئی۔ اطالوی لڑکی نے حیدر سے شادی کا فیصلہ کیا اور اسلام قبول کرنے کے بعد پاکستان پہنچ گئی، دونوں شادی کے قانونی مراحل مکمل کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس جہلم بھی پہنچ گئے۔



محنت کش سائیکل پر پرندوں کے مصنوعی گھونسلے فروخت کر رہا ہے

آن لائن کیب ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک ہوگا

کمپنیوں سے ڈرائیورز کا مکمل ڈیٹا طلب، گاڑیوں میں ڈیش کیم، ٹریکر اور کیو آر پینک بٹن لگانے کی ہدایت، خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی

حفاظتی اور سکیورٹی فیچرز نہ اپنانے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے مسافروں بالخصوص خواتین کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لیے تمام آن لائن رائیڈ ہیلنگ سروسز فراہم کرنے والی کمپنیوں سے ڈرائیورز کا مکمل ڈیٹا طلب کر لیا۔ انہوں نے آن لائن ٹیکسی کمپنیوں کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران ہدایت کی کہ سنگین جرائم میں ملوث اور کریمنل ریکارڈ رکھنے والے ڈرائیورز کو آن لائن کیب سروسز چلانے کی اجازت نہ دی جائے۔ سی ٹی او کے مطابق صرف لاہور میں ایک لاکھ سے (بقیہ نمبر 5 4)

این سی سی آئی اے کراچی زون کی کامیاب کارروائی

جعلی پیرنی کے فراڈ کا شکار خاتون کے 25 لاکھ روپے ریکور

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) این سی سی آئی اے کراچی زون نے جعلی پیرنی کے فراڈ کا شکار خاتون کے 25 لاکھ روپے ریکور کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کراچی زون نے فیس بک پر جعلی پیرنی کے ذریعے مالی فراڈ کا شکار خاتون کے 25 لاکھ روپے ریکور کروا دیے، متاثرہ خاتون فیس بک پر موجود قرآنی وظائف نامی پیج کے ذریعے مالی فراڈ کا شکار ہوئیں، مذکورہ پیج چلانے والی مبینہ جعلی پیرنی لوگوں کو پیسوں کے عوض وظائف بتاتے، زندگی کی مشکلات دور کرنے، پریشانیوں سے نجات دلانے اور موکل فراہم کرنے کا جھانسہ دے کر رقم بٹورتی تھی، شکایت (بقیہ نمبر 5 5)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-